گورنر وزیراعلی، وزراء

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 15.05.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | زندگی کے تمام شعبوں میں خواتین کی بھرپور شرکت کا حامی ہوں، گورنر بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | کردستان کی طرح بلوچستان میں بھی علیحدگی کی تحریک ختم ہورہی ہے، میر سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | کوئٹہ ریلی پر حملہ دشمن کی بزدلانہ کارروائی ہے، سردار کوہیار ڈومکی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | محکمے کے تمام اثاثہ جات اور منصوبہ ڈیجیٹلائز کئے جائیں، سلیم کھوسہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | صوبے کا امن تباہ کرنے والوں سے سختی سے نمٹیں گے، لیاقت لہڑی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | طالبات کی امتحانی ہال میں نقل، وزی تعلیم نے عملہ معطل کردیا | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | علی مدد جتک کے قافلے پر حملہ بزدلانہ حرکت ہے، مینا مجید | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | جشن فتح ریلی بم حملے کی تحقیقات جاری ہیں، ڈی سی کوئٹہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | کچھی پولیس ضلع میں قیام امن کیلئے کوشاں ہے، ایس ایس پی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | لیڈا انتظامیہ کیخلاف بلوچستان ہائی کورٹ میں دائر آئینی پٹیشن کی سماعت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | واٹر مینجمنٹ سسٹم کی تشکیل مکمل تمام آبی ذرائع نظام سے منسلک کرلئے، ایم ڈی واسا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان کے تاجروں کو بغیر رکاوٹ خصوصی ویزے جاری ہونگے، عرب امارات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | صوبے میں پیدائش واموات کے سرٹیفکیٹس کو کمپیوٹرائزڈ کردیا گیا، سیکرٹری بلدیات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | دستی بم حملہ کرنے والے جلد گرفتار ہونگے، شاہد رند | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | گوادر مسلح افواج کی حمایت میں ریلی بھارت کیخلاف نعرے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | سی پی این ای بلوچستان کی تشکیل انور ساجدی چیئرمین مقرر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | کیچ تاجروں کا آج غیر معینہ مدت تک مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | عوامی حقوق پر سودے بازی کرنے والوں کا جلد احتساب کرینگے، پشتونخوا میپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | کراچی کوئٹہ قومی شاہراہ پر تعمیراتی کام کا جلد آغاز کیا جائے، جے یو پی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

لورالائی ہسپتال سے چوری ہونے والی مشینری برآمد، بھاگ ڈاکوؤں کا بازار پر دھاوا تمام دکانداروں کو یرغمال بنا کر لوٹ لیا، منشیات فروشوں کی سہولت کاری پشین لیویز کے اہلکار معطل، ڈیرہ اللہ یار سے مسخ شدہ لاشیں برآمد، نوشکی نامعلوم افراد کار لے اڑے، تربت میں بدامنی برقرار اسلحہ کے زور پر دکاندار کو لوٹ لیا گیا

## مسائل :

گوناگوں مسائل کے باعث بلوچستان میں تعلیمی نظام بری طرح متاثر، کوئٹہ انسداد گداگری سیل طویل عرصے سے غیر فعال پیشہ ور بھکاریوں کی بھرمار۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 15.05.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**وزیر اعلیٰ بلوچستان کا بعض محکموں کے منصوبوں میں غیر حاضری تاخیر پر اظہار برہمی !**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بدقسمتی سے ہمارے ہاں یہ روایت رہی ہے کہ یہاں جو بھی منصوبے خصوصاً حکومے منصوبوں کی تکمیل میں تاخیر ہوتی رہی ہے ایسے بہت ہی کم منصوبے ہوں گے جو بروقت مکمل ہوئے ہوں اس کی سب سے بڑی وجہ چیک اینڈ بیلنس کے نظام کا فقدان ہے ایسے منصوبے جب شروع کئے جاتے ہیں اس کے بعد ان کو کوئی دیکھتا نہیں کہ ان کی پوزیشن کیا ہے اسی وجہ سے ان میں سے اکثر منصوبے نہ صرف التواء کا شکار ہوتے ہیں بلکہ بعض کی لاگت بھی بڑھتی جاتی ہے جو کہ بلاشبہ ایک لمحہ فکریہ ہے۔ گذشتہ روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عمل درآمد سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف محکموں کے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ان کی بروقت تکمیل کے لئے اقدامات کرنے پر زور دیا گیا، وزیر اعلیٰ کو ترقیاتی منصوبوں اور ان کی پیش رفت پر بریفنگ دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے بعض محکموں کے منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک سال گزر جانے کے باوجود صرف 21 بسیں نہ خریدی جاسکیں ۔ یہ صورتحال بالکل ناقابل قبول ہے جون سے قبل یہ بسیں سڑکوں پر ہونی چاہییں تا کہ عام کو بہتر سفری سہولت فراہم کی جاسکے تا کہ عوامی خدمات میں مزید تاخیر نہ ہو بصورت دیگر ان کی فنڈنگ روک دی جائے گی۔

**اداریے:**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ "Unending cycle of Lawlessness" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ میزان کوئٹہ "**پاک بھارت جنگ 2025**" کے عنوان سے انعم کوئٹہ کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 15 MAY 2025

Page No. 1


## بلوچستان میں خواتین نے کامیابی کے جھنڈے گاڑ دیئے ہیں، گورنر

### خاتون محتسب کی میرٹ پر تقرری بہت جلد عمل میں لائی جائیگی جعفر مندوخیل کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ خواتین وکلاء محض موکلوں کی وکالت نہیں کرتیں بلکہ وہ ہماری نصف آبادی پر مشتمل خواتین کے مستقبل کی تشکیل کے حوالے سے بھی نئے راستے کھول رہی ہیں. یہ ضروری ہے کہ ہم اپنی خواتین کی پوشیدہ صلاحیتوں کو پہچانیں اور انہیں اپنے کیریئر میں مزید سبقت حاصل کرنے کیلئے مدد اور رہنمائی فراہم کریں۔ متعلقہ اداروں میں خواتین کیلئے مقرر کردہ پانچ فیصد کوٹہ پر عمل درآمد سے خواتین کی شرکت اور نمائندگی میں زبردست اضافہ ہوگا. خاتون محتسب بلوچستان کی تقرری میرٹ پر بہت جلد عمل میں لائی جائے گی۔ میں ایک ایسے مستقبل قریب کا تصور کرتا ہوں جہاں سیشن ججز، سول ججز، پراسیکیوٹر جنرل اور بار ایسوسی ایشنز میں دیگر اہم عہدوں پر خواتین فائز ہوں گی. ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کی وائس پریذیڈنٹ عمیرہ منیر کی قیادت میں خواتین وکلاء پر مشتمل وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ میں زندگی کے تمام شعبوں میں خواتین کی بھرپور شرکت کا حامی ہوں. سردست خواتین وکلاء کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے ٹھوس اقدامات کی اشد ضرورت ہے. علاوہ ازیں اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کی آواز سنی جائے تاکہ خواتین خوب ترقی کر سکیں اور ہمارے معاشرے کی تعمیر میں اپنا حصہ ڈال سکیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ بلوچستان میں ہماری خواتین نے زندگی کے ہر میدان اپنی کامیابی کے جھنڈے گاڑ دیئے ہیں۔ یہ ان لوگوں کو انصاف تک رسائی فراہم کرنے کیلئے انتھک محنت کرتی ہیں۔


MASHRIQ QUETTA


## زندگی کے تمام شعبوں میں خواتین کی بھرپور شرکت کا حامی ہوں، گورنر بلوچستان

### خواتین وکلاء محض موکل کی وکالت ہی نہیں کرتیں بلکہ وہ ہماری نئی نسل کی نوجوان خواتین کے روشن مستقبل کے دروازے کھول رہی ہیں

### متعلقہ اداروں میں خواتین کیلئے مقرر کردہ پانچ فیصد ملازمت کوٹہ پر عمل درآمد سے خواتین کی شرکت اور نمائندگی میں گراں قدر اضافہ ہوگا

### خاتون محتسب بلوچستان کی تقرری جلد اور میرٹ پر کی جائیگی، خواتین وکلاء کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ خواتین وکلاء محض موکلوں کی وکالت نہیں کرتیں بلکہ وہ ہماری نصف آبادی پر مشتمل خواتین کے مستقبل کی تشکیل کے حوالے سے بھی نئے راستے کھول رہی ہیں. یہ ضروری ہے کہ ہم اپنی خواتین کی پوشیدہ صلاحیتوں کو پہچانیں اور انہیں اپنے کیریئر میں مزید سبقت حاصل کرنے کیلئے مدد اور رہنمائی فراہم کریں۔ متعلقہ اداروں میں خواتین کیلئے مقرر.........


بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر


کردہ پانچ فیصد کوٹہ پر عمل درآمد سے خواتین کی شرکت اور نمائندگی میں زبردست اضافہ ہوگا. خاتون محتسب بلوچستان کی تقرری میرٹ پر بہت جلد عمل میں لائی جائیگی۔ میں ایک ایسے مستقبل قریب کا تصور کرتا ہوں جہاں سیشن جج، سول جج، پراسیکیوٹر جنرل اور بار ایسوسی ایشنز میں دیگر اہم عہدوں پر خواتین فائز ہوں گی. ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کی وائس پریذیڈنٹ عمیرہ منیر کی قیادت میں تمیلی وکلاء پر مشتمل وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ میں زندگی کے تمام شعبوں خواتین کی بھرپور شرکت کا حامی ہوں سردست خواتین وکلاء کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے ٹھوس اقدامات کی اشد ضرورت ہے. علاوہ ازیں اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کی آواز سنی جائے تاکہ خواتین خوب ترقی کرسکیں اور ہمارے معاشرے کی تعمیر میں اپنا حصہ ڈال سکیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ بلوچستان میں ہماری خواتین نے زندگی کے ہر میدان اپنی کامیابی کے جھنڈے گاڑ دیئے ہیں۔ یہ ان لوگوں کو انصاف تک رسائی فراہم کرنے کیلئے انتھک محنت کرتی ہیں جنہیں انصاف کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ واقعی وکالت کے شعبے میں آپ کی لگن اور استقامت معاشرہ کیلئے مشعل راہ ہے۔ ایسی لگن اور مہارت سے قانونی نظام اور عوام کے درمیان خلیج کو ختم کرنے میں مدد ملے گی۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUB[LIC] RELATIONS BALOCH[ISTAN]
نظامت اعلیٰ تعلقات [عامہ]
حکومت بلوچ[ستان]
Bullet No. 1
Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 54 | جمعرات 17 ذیقعد 1446ھ 15 مئی 2025ء | نمبر 133

بھارت کیخلاف کامیابی پر کوئٹہ میں جشن فتح

# کردستان کی طرح بلوچستان میں بھی علیحدگی کی تحریک ختم ہوتے دیکھ رہا ہوں، سرفراز بگٹی

ہندوستان کے ایماء پر بلوچستان میں جنگ مسلط کرنیوالے ان کا حشر دیکھ لیں، انہیں دعوت دیتا ہوں آئیں اور قومی دھارے میں شامل ہوں، ریاست جب فیصلہ کرتی ہے تو دشمن کا نام ونشان مٹ جاتا ہے

چاہے جتنی قربانیاں دینی پڑیں ہم پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، افواج پاکستان کی جرأت اور بہادری نے ایک بار پھر تاریخ رقم کر دی، جلسے سے ولی نورزئی، لیاقت لہڑی، صمد گورگیج، نعیم بازئی ودیگر کا خطاب

کوئٹہ (خ ن/اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دشمن کا غرور توڑنے والے افواج پاکستان کی جرأت اور بہادری نے ایک بار پھر تاریخ رقم کر دی ہے مودی سرکار یہ گمان کیے بیٹھی تھی کہ پاکستان کمزور ہے، لیکن افواج پاکستان نے اپنے عمل سے ثابت کیا کہ دشمن کی طبر پر کی سوچ کو وہ پاؤں تلے روند سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بھارتی جارحیت کے خلاف پاکستان کی تاریخی کامیابی پر کوئٹہ میں بدھ کو "جشن فتح" کے عنوان سے منعقدہ عظیم الشان جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی قبائلی عمائدین اور عوام کی بڑی تعداد موجود تھی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہم آج یہاں جمع ہو کر اپنی افواج اور قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور یہ پیغام دیتے ہیں کہ بلوچستان پاکستان کا ہراول دستہ ہے، جہاں سے ہمیشہ پاکستان کی آواز بلند ہوتی رہی ہے اور آئندہ بھی ہوتی رہے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارت نے جب بھی جارحیت کی کوشش کی، اسے منہ توڑ جواب دیا گیا خاص طور پر اس بار جس حکمت، دلیری اور وقار کے ساتھ پاکستان کے سپہ سالار نے دشمن کا سامنا کیا وہ لائق تحسین ہے بلوچستان کے عوام ان کے شکر گزار ہیں اور پوری قوم ان کی قیادت کو سلام پیش کرتی ہے انہوں نے کہا کہ ہماری افواج نے قربانیاں دے کر دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملائے ہیں ان سپاہیوں کو ہم سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر وطن کا دفاع کیا۔ یہ قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کچھ عناصر بلوچ قوم کو ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلنے کی کوشش کر رہے ہیں بلوچ عوام کو اس لاحاصل جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا، جیسا کہ کل ہی کردستان میں علیحدگی کی تحریک ختم ہوئی ہے بلوچستان میں بھی ایسی نام نہاد تحریک کو ختم ہوتے دیکھ رہا ہوں، بلوچستان کے لوگوں نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ بندوق کے زور پر کسی نظریے کو مسلط ہونے نہیں ہونے دیں گے، میں ایک بار پھر ان کو دعوت دیتا ہوں جو ہندوستان کے ایماء پر بلوچستان میں جنگ مسلط کرنا چاہتے ہیں وہ ہندوستان کا حشر دیکھ لیں وہ آئیں اور آئین پاکستان کے مطابق قومی دھارے میں شامل ہوں۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مودی نے جن جیٹ طیاروں کی امید پر پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کی ان کو ہی ملیامیٹ کر دیا گیا، بھارتی خفیہ ادارہ را ہو یا انٹیل دونوں ناکام ہوئے، پاک فوج نے ملک کے دفاع میں جوابی کارروائی کر کے بھارت کو جس تاریخی شکست سے دوچار کیا، اس کو بھارت کی آئندہ نسلیں بھی یاد رکھیں گی، بلا اشتعال بمباری کر کے ہندوستان نے جن پاکستانیوں کو شہید کیا ان کا بدلہ لیا جائے گا۔ یہ بات پارلیمانی سیکرٹریز حاجی ولی محمد نورزئی، لیاقت لہڑی، صمد گورگیج، رکن بلوچستان اسمبلی ملک نعیم بازئی، صوبائی حکومت کے سابق ترجمان بابر یوسفزئی سمیت دیگر نے بدھ کو کوئٹہ کے ریلوے ہاکی گراؤنڈ میں پاک افواج کے دفاع وطن کے معرکہ کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے جشن فتح جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ مودی کا دعویٰ تھا کہ بلوچستان کی جڑیں کھوکھلا کر دی ہیں آج بلوچستان کے عوام نے ثابت کیا کہ بلوچستان اور کوئٹہ کے لوگ اپنے ملک کے دفاع اور افواج پاکستان کے ساتھ کس قدر محبت کرتے ہیں، یہ تو صرف کوئٹہ کے لوگ ہیں جب بلوچستان کی ڈیڑھ کروڑ آبادی باہر نکلے گی تو بھارت کو لے ڈوبے گی۔ انہوں نے کہا کہ آج فتح کا یہ جشن بھارت کے منہ پر طمانچہ ہے اور یہ شکست بھارت کو رہتی دنیا تک یاد رہے گی۔ پارلیمانی سیکرٹری لیاقت لہڑی نے کہا کہ کوئٹہ میں ہونے والے جلسہ عام نے ثابت کیا کہ بلوچستان کے لوگ اپنے مسلح افواج کے ساتھ کھڑے ہیں، افواج پاکستان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس نے بھارت کو تاریخی شکست سے دوچار کیا۔ پارلیمانی سیکرٹری صمد گورگیج نے کہا کہ مودی نے جن جیٹ طیاروں کی امید پر پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کی ان کو ہی ملیامیٹ کر دیا گیا، بھارتی خفیہ ادارہ را ہو یا رافیل دونوں ناکام ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت بلوچ نوجوانوں کو ورغلا کر یہاں ریکوڈک، سینڈک، سی پیک منصوبوں کو ناکام بنانے کی سازش کر رہا ہے، بھارت نہیں چاہتا پاکستان معاشی طور پر خطے میں مستحکم ہو، بلوچ نوجوانوں سے درخواست ہے کہ وہ قومی دھارے میں شامل ہو کر صوبے اور ملک کو مضبوط بنائیں۔ رکن بلوچستان اسمبلی ملک نعیم بازئی نے کہا کہ حکومت کی دانشمندی، پاک فوج کی جرأت، بروقت فیصلوں، سیاسی جماعتوں کے اتحاد و اتفاق سے خطے میں طاقت کا توازن تبدیل ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن بنیان مرصوص نے بھارت کے عزائم کو ناکام بنایا۔ 6 اور 7 مئی کی درمیانی شب مادر وطن پر بھارتی حملوں میں مساجد تک کو شہید کیا گیا ہماری فوجی تنصیبات پر حملہ کی کوشش کی گئی، صوبائی حکومت کے سابق ترجمان بابر یوسفزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلح افواج نے دشمن کو ناکوں چنے چبوائے ہیں آج ہمارے اندرونی اور بیرونی دونوں دشمن بے نقاب ہوئے ہیں۔

## بلوچستان کی ترقی کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لیکر چلیں گے، سرفراز بگٹی

بجٹ میں عوامی مفاد اور صوبے کی ضروریات کو ترجیح دی جائے گی، اپوزیشن ارکان سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری کی سربراہی میں اپوزیشن جماعتوں کے اراکین اسمبلی نے ملاقات کی اس موقع پر نئے مالی سال کے بجٹ اور صوبے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کی حکمت عملی اپنائی گئی ہے اپوزیشن کا مثبت کردار جمہوریت کے استحکام کی ضمانت ہے اور ہماری حکومت شفافیت اور مشاورت کے اصولوں پر کاربند ہے نئے مالی سال کے بجٹ میں عوامی مفاد اور صوبے کی ضروریات کو ترجیح دی جائے گی جبکہ ترقیاتی منصوبوں کی تیاری اور عمل درآمد میں عوامی نمائندوں کی مشاورت کو بھی کلیدی اہمیت حاصل ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت تمام سیاسی قوتوں کو ساتھ لے کر بلوچستان کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

## وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی ودیگر نے ٹراما سینٹر میں دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سول ہسپتال کے ٹراما سینٹر میں سریاب روڈ دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی۔ بدھ کو وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی، صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، کوہیار ڈومکی، ارکان اسمبلی حاجی علی مدد جتک، عبید گورگیج ودیگر کے ہمراہ ٹراما سینٹر پہنچے جہاں انہوں نے سریاب روڈ بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی، وزیر اعلیٰ نے زخمیوں کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔

روزنامہ جنگ

بانی : میر خلیل الرحمٰن

جمعرات 17 ذیقعد 1446ھ 15 مئی 2025ء


# پیپلز پارٹی کی ریلی پر دستی بم حملہ، 2 کارکن شہید، 9 زخمی، علی مدد محفوظ رہے

## بزدلانہ اقدام ہے، وزیراعلیٰ

### متعدد گاڑیوں کو نقصان، رپورٹ طلب، دہشتگرد بھارت کی شکست پر ماتم کا اظہار کررہے ہیں، صوبائی وزرا، ارکان اسمبلی کا اظہار مذمت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں جشن فتح جلسے میں شرکت کیلئے آنے والے پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی علی مدد جتک کی ریلی پر سریاب روڈ پر دستی بم حملے میں 2 کارکن شہید جبکہ 9 زخمی ہو گئے۔ رکشے اور متعدد گاڑیوں کو نقصان پہنچا۔ رکن اسمبلی محفوظ رہے۔ وزیراعلیٰ نے حملے کو بلوچستان کے امن پر وار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ امن دشمن عناصر کے خلاف سخت اور نتیجہ خیز کارروائی ہو گی، حملے کی رپورٹ طلب کرلی ہے، پولیس کے مطابق کوئٹہ مستونگ روڈ سے پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی علی مدد جتک کی رہائش گاہ سے انکی قیادت میں بدھ کی سہ پہر جشن فتح جلسے میں شرکت کیلئے ہاکی گراونڈ جانے کیلئے پاکستان پیپلز پارٹی کارکنوں کی ریلی برآمد ہوئی، ریلی سریاب کسٹم چکی شاہوانی سے ہوتی ہوئی جیسے ہی منیر مینگل روڈ کے قریب پہنچی تو نامعلوم دہشت گردوں نے ریلی پر دستی بم سے حملہ کیا، دھماکے سے ریلی میں بھگدڑ مچ گئی، دھماکے کے نتیجے میں 11 کارکن محبوب علی ولد محمد اکرم، قربان علی ولد رحیم علی، عبدالرزاق ولد خدائے بخش، محمد عاصم ولد محمد اسماعیل، محمد عمر ولد داد محمد، عبدالمنان ولد محمد عبدالغفار، سید نقیب اللہ ولد سید عبدالمنان، عمران ولد سکندر، محمد ساجد ولد نعمت، مہر اللہ زخمی ہو گئے، ریلی کی سیکورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں اور کارکنوں نے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا جہاں کارکن محبوب علی ولد محمد اکرم اور قربان علی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگئے، ذرائع کے مطابق دونوں افراد رکشے میں سوار تھے، ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد میت ورثاء کے حوالے کردی جبکہ دھماکے سے رکشے اور متعدد گاڑیوں کو نقصان پہنچا تاہم رکن اسمبلی علی مدد جتک محفوظ رہے۔ دھماکے کی اطلاع ملنے پر ہسپتالوں میں فوری طور پر ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹرز اور عملے کو طلب کر لیا گیا۔ دریں اثنا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی حاجی علی مدد جتک کے قافلے پر حملہ قابل مذمت ہے، انہوں نے کہا کہ عوام اور منتخب نمائندے مکمل تحفظ کے مستحق ہیں، دشمن عناصر کو نشان عبرت بنایا جائے گا۔ ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا کہ حکومت نے رکن اسمبلی حاجی علی مدد جتک کی ریلی پر حملے کی رپورٹ طلب کرلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حملہ بزدلانہ اقدام ہے، منتخب نمائندوں پر حملے جمہوری نظام پر حملے کے مترادف ہیں، انہوں نے کہا کہ حملہ آوروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ دریں اثناء مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے حاجی علی مدد جتک کے قافلے پر کوئٹہ میں ہونے والے حملے کی مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور جمہوریت دشمن اقدام قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات نہ صرف عوامی نمائندوں کی زندگیوں کے لیے خطرہ ہیں بلکہ جمہوری نظام اور آئینی اداروں کی سالمیت پر بھی سنگین حملہ تصور کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی حمایت سے منتخب ہونے والے رہنماؤں پر حملہ دراصل عوام کی آواز دبانے کی کوشش ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سرزمین پر امن و امان کو خراب کرنے والے عناصر کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا اور ایسے عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لاکر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے کوئٹہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی حاجی علی مدد جتک کے قافلے پر ہونے والے حملے کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے اس افسوسناک واقعے کو بزدلانہ اور جمہوری اقدار پر حملہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام کے منتخب نمائندوں پر حملے جمہوری نظام کو کمزور کرنے کی سازش کا حصہ ہیں۔ علاوہ ازیں صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی نے پاکستان پیپلز پارٹی کی ریلی پر دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بزدلانہ کارروائی امن و استحکام کے خلاف سازش ہے جس کا مقصد صوبے میں خوف و ہراس پھیلانا اور سیاسی سرگرمیوں کو سبوتاژ کرنا ہے، تاہم ملک دشمن عناصر اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہوں گے، انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف پوری قوم یکجا ہے اور ریاست ایسے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی نرمی کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے دھماکے میں شہید ہونے والوں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ اسی طرح صوبائی وزیر ظہور احمد بلیدی نے پیپلز پارٹی کے ریلی پر دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دشمن عسکری میدان میں شکست کے بعد بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکا ہے اور عام عوام سے بدلہ لینے کی ناکام کوشش کر رہا ہے۔ ایک بیان میں میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ کوئٹہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کی پرامن ریلی پر ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں جس میں بے گناہ لوگ شہید اور زخمی ہوئے ہیں۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بیکڑ کھنی روڈ منصوبے پر پیشرفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی جشن فتح کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی بم دھماکے میں زخمی افراد کی عیادت کررہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے یونس عزیز زہری کی قیادت میں اپوزیشن ارکان ملاقات کررہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUB RELATIONS BALOCH

نظامت اعلیٰ تعلقات

حکومت بلوچستا

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

جلد 53 جمعرات 17 ذیقعد 1446ھ 15 مئی 2025ء صفحات 08 شمارہ 317

رجسٹرڈ BC-m-13 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 30 روپے

Bullet No. 1

Page No. 6 (A)

افواج پاکستان نے بھارت کا جو حال کیا وہ پوری دنیا نے دیکھا، بلوچستان پاکستان کا ہراول دستہ ہے، بندوق کے زور پر کسی نظریے کو مسلط نہیں ہونے دینگے، سرفراز بگٹی

# دہشتگرد بھارت سے عبرت حاصل کریں ورنہ نام و نشان مٹا دینگے: وزیر اعلیٰ

ملک دشمن عناصر کا سر کچلنے کا وقت آ گیا ہے بھارت بلوچستان کے نوجوانوں کو ورغلانا چاہتا ہے ہم نے سازشوں کو ناکام بنادیا، پاکستان کے دریاؤں کا پانی بند کیا تو ہم ایٹم بم سے انڈیا کی سانس بند کردیں گے

بھارت نے جب بھی جارحیت کی اسے منہ توڑ جواب دیا گیا پاکستان کے سپہ سالار نے دشمن کا جیسے سامنا کیا وہ لائق تحسین ہے بلوچستان کے عوام ان کے شکرگزار، پوری قوم ان کی قیادت کو سلام پیش کرتی ہے

ریاست جب جنگ لڑتی ہے تو ایسے لڑتی ہے جیسے 9 اور 10 مئی کو لڑی گئی وہ لڑائی جب شروع ہوگی تو آپ صفحہ ہستی سے مٹ جائینگے، آپ کے پاس موقع ہے کہ واپس آئیں اور قومی دھارے میں شامل ہوں

بلوچستان کے لوگ دلیر و غیرت مند ہیں سیسہ پلائی دیوار کی طرح پاکستان کے ساتھ کھڑے تھے اور ہمیشہ کھڑے رہیں گے، کوئٹہ میں جشن فتح جلسے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے عوام افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں بلوچوں کو ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا گیا بندوق کے زور پر نظریہ مسلط نہیں کیا جا سکتا کوئٹہ میں جشن فتح جلسے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور صوبائی وزراء ملک نعیم خان بازئی، حاجی ولی محمد نورزئی، میر لیاقت لہڑی، عبدالصمد گورگیج سمیت بابر یوسفزئی اور دیگر نے بھی خطاب کرتے ہوئے بھارت کے خلاف جنگ کی جیت کے بعد کوئٹہ میں فورسز کو خراج تحسین پیش کرنے کے لے جشن فتح جلسے کا انعقاد کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ، راحیلہ حمید خان درانی، بخت محمد کاکڑ، میر عبید گورگیج، سردار کوہیار خان ڈومکی، اراکین اسمبلی آغا عمر احمد زئی، زرک خان مندوخیل سمیت آغا شکیل درانی، میر ضیاء اللہ لانگو، سید اقبال شاہ سمیت دیگر سیاسی، قبائلی، سماجی رہنماؤں کی بڑی تعداد بھی موجود تھیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی وزرا اور ارکان اسمبلی اور پارلیمانی سیکرٹریز نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک افواج نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیکر دشمن کو ناکے چنے چبوائے ہیں اور پوری دنیا کو باور کرایا ہے کہ پاکستان کی افواج اپنے وطن اور قوم کے دفاع کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی اور جس نے بھی وطن عزیز کی جانب میلی آنکھ سے دیکھا اس کو بھرپور جواب دیا جائے گا اور افواج پاکستان نے جس طرح دشمن کے حملوں کو ناکام بنایا تھا اپنا اور پاکستان کا سر اور نام فخر سے بلند کیا ہے وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں پاکستان کے ازلی دشمن

بھارت نے رات کے اندھیرے میں مساجد اور عوام کو نشانہ بنا کر بزدلی کا مظاہرہ کیا جبکہ افواج پاکستان نے سنت پر عمل کرتے ہوئے نماز فجر کے بعد نعرہ تکبیر بلند کرتے ہوئے دشمن کے حملوں کا بھرپور جواب دیکر انہیں سبق دیا ہے جس کو ہمیشہ یاد رکھے گا۔ جشن فتح جلسے میں شرکت کے لئے کوئٹہ کے قرب و جوار اور مختلف علاقوں سے نکلنے والی ریلیاں مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی ہاکی گراونڈ میں جلسہ گاہ کے پنڈال پہنچی جلسے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور دیگر مقررین نے جشن فتح جلسہ کے موقع پر کہا کہ مودی سرکار کا خیال تھا کہ پاکستان ایک تر نوالہ ہے لیکن یہ ان کی خام خیالی تھی بلوچستان پاکستان کا ہراول دستہ ہے بھارت نے جب بھی جارحیت کی کوشش کی اسے منہ توڑ جواب ملا پاکستان کے عوام افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں بلوچوں کو ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا گیا ہے بسوں میں سفر کرنے والے مسافروں کو قتل کیا جارہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

ہے کہ 9 اور 10 مئی کو افواج پاکستان نے بھارت کا جو حال کیا وہ پوری دنیا نے دیکھ لیا ہے، ہندوستان کی پراکسی سے کہتا ہوں کہ جن کے زور پر وہ بلوچستان میں دہشتگردی کر رہے ہیں اگر ریاست نے اس ملک کا یہ حال کیا ہے تو سوچ لیں کہ ان کا نام و نشان مٹا دیا جائیگا، بلوچستان کے لوگ نہ صرف دلیر اور غیرت مند ہیں بلکہ سیسہ پلائی دیوار کی طرح پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، بلوچستان کے لوگوں نے فیصلہ کرلیا ہے کہ بندوق کے زور پر کسی کو نظریہ مسلط نہیں کرنے دیں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو ریلوے ہاکی گراؤنڈ کوئٹہ میں یوم جشن فتح کے موقع پر منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جلسے سے پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی، میر صمد گورگیج، ولی محمد نورزئی، رکن اسمبلی ملک نعیم بازئی، سماجی سیاسی رہنماء بابر یوسفزئی نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، بخت محمد کاکڑ، کوہیار ڈومکی، ارکان اسمبلی حاجی علی مدد جتک، زرک خان مندوخیل، عبید گورگیج، آغا عمر احمد زئی، سابق صوبائی وزیر میر ضیاء اللہ لانگو، پیپلز پارٹی کے رہنماء سید اقبال شاہ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مودی سرکار کا یہ خیال تھا کہ پاکستان ایک تر نوالہ ہے اور اپنے گھمنڈ میں تھا کہ شاید وہ پاکستان کا نقصان کر پائیگا لیکن ہماری افواج نے مودی سرکار کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے جب جب جارحیت کی کوشش کی اسے منہ توڑ جواب ملا ہے اس بار جس دلیری اور جرات کے ساتھ پاکستان کے سپہ سالار نے ہندوستان کا مقابلہ کیا ہے بلوچستان کے لوگ ان کے مشکور اور پاکستان کے لوگ ان کا یہ احسان زندگی بھر نہیں بھولیں گے۔ انہوں نے کہا کہ افواج کے جن جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے ہمیشہ پاکستان کی آواز بلند ہوتی آئی ہے اور آئندہ بھی ہوتی رہے گی کچھ لوگوں کا یہ خیال ہے کہ میں بحیثیت بلوچ یہ سوال بلوچ قوم کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ انہیں ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیل دیا گیا ہے دو چار دن پہلے ایک نام نہاد لیڈر پتھر کے پیچھے چھپ کر کہہ رہا تھا کہ یہ قومی جنگ ہے یہ کونسی قومی جنگ ہے کہ جس میں عام بلوچستانی کو ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا جارہا ہے اگر آج بلوچ قوم بحیثیت بلوچ نہیں سوچے گی تو کچھ سال بعد یہ سوچ ضرور ابھرے گی کہ یہ ایک لاحاصل جنگ میں معصوم لوگوں، مزدوروں، بلوچوں کو مخبری کے نام پر قتل و غارت کی گئی یہ بلوچ، پشتون روایات اور بلوچستان کی روایات کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں پیغام دینا چاہتا ہوں کہ یہ کبھی بھی حقوق کی جنگ نہیں یہ صرف اور صرف آپ کے پیٹ کی جنگ ہے اور ہندوستان کی پراکسی نے ہندوستان کی ایماء پر عام لوگوں پر یہ جنگ مسلط کی گئی ہے اس جنگ کا اختتام ریاست پاکستان کی فتح ہے۔

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد


# حکومت شفافیت و مشاورت کے اصولوں پر کاربند ہے، وزیراعلیٰ

## اپوزیشن کا مثبت کردار جمہوریت کے استحکام کی ضمانت ہے، میر سرفراز بگٹی

## ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد میں نمائندوں کی مشاورت کو کلیدی اہمیت حاصل

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری کی سربراہی میں اپوزیشن جماعتوں کے اراکین اسمبلی نے ملاقات کی اس موقع پر نئے مالی سال کے بجٹ اور صوبے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اراکین اسمبلی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ........ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کی حکمت عملی اپنائی گئی ہے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کا مثبت کردار جمہوریت کے استحکام کی ضمانت ہے اور ہماری حکومت شفافیت اور مشاورت کے اصولوں پر کاربند ہے انہوں نے کہا کہ نئے مالی سال کے بجٹ میں عوامی مفاد اور صوبے کی ضروریات کو ترجیح دی جائے گی جبکہ ترقیاتی منصوبوں کی تیاری اور عمل درآمد میں عوامی نمائندوں کی مشاورت کو بھی کلیدی اہمیت حاصل ہے وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ حکومت تمام سیاسی قوتوں کو ساتھ لے کر بلوچستان کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

## وزیراعلیٰ کی دھماکے کے زخمیوں کی عیادت

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول ہسپتال کے ٹراما سینٹر میں سریاب روڈ دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی۔ بدھ کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، کوہیار ڈومکی،........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

اراکان اسمبلی حاجی علی مدد جتک، عبید گورگیج و دیگر کے ہمراہ سول ہسپتال کے ٹراما سینٹر پہنچے جہاں انہوں نے سریاب روڈ پر بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی۔ وزیراعلیٰ نے زخمیوں کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بھارتی جارحیت کے خلاف پاکستان کی تاریخی کامیابی پر کوئٹہ میں "جشن فتح" کے عنوان سے منعقدہ عظیم الشان جلسہ سے خطاب کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی بی آر ٹی سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی ٹراما سینٹر سول ہسپتال میں بم دھماکے میں زخمی ہونے افراد کی عیادت کررہے ہیں

CS CamScanner

روزنامہ ایکسپریس سینچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 152 | جمعرات، 17 ذیقعد، 15 مئی 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# مودی کا غرور خاک میں مل گیا، بلوچستان میں قومی بیانیے کی جنگ جیت لی ہے، وزیراعلیٰ

## مودی کی ایماء پر یہاں بندوق کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی کوشش کرنیوالے سوچ لیں جس دن ریاست نے جنگ شروع کی تو ان کا نام ونشان بھی مٹ جائے گا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کو ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا گیا ہے، یہ حقوق کی نہیں پیٹ کی جنگ ہے، اس جنگ کا اختتام یقیناً ریاست (باقی صفحہ 5 نمبر 1)

پاکستان کی فتح ہے، بلوچستان کے لوگوں نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ بندوق کے زور پر نظریہ مسلط نہیں ہونے دیں گے اس کے لئے چاہے کوئی بھی قربانی دینی پڑے، ہندوستان نے جب جب پاکستان کے خلاف جارحیت کی کوشش کی اس کو منہ توڑ جواب ملا ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ کے ریلوے ہاکی گراؤنڈ میں پاک افواج کے دفاع وطن کے معرکہ کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے جشن فتح جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج کوئٹہ سے یہ پیغام گیا ہے کہ بلوچستان کے لوگ نہ صرف دلیر اور غیرت مند ہیں بلکہ اس صوبہ کے لوگ پاکستان کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے جب بھی پاکستان کے خلاف جارحیت کی کوشش کی اس کو منہ توڑ جواب ملا، بالخصوص اس بار جس دلیری اور جرات کیساتھ پاکستان کے سپہ سالار نے ہندوستان کا مقابلہ کیا اس پر بلوچستان کے لوگ ان کے مشکور ہیں اور پاکستان کے لوگ ان کا یہ احسان زندگی بھر نہیں بھول سکتے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم مسافروں کو قتل کیا جا رہا ہے یہ کہاں کی روایت ہے، بلوچ تاریخ میں یہ ضرور لکھا جائے گا کہ ایسا کرنے والوں کا بلوچستان اور بلوچ سے کوئی تعلق نہیں تھا بلکہ صرف دہشت گرد تھے یہ پنجابیوں کا قتل نہیں ہو رہا کوئی بلوچ پنجابی کا قتل نہیں کر رہا بلکہ دہشت گرد پاکستانیوں کو شہید کر رہا ہے، ان کو سوچنا ہوگا جس کی ایماء پر زور پر یہ جنگ مسلط کی گئی تھی اس کا 9 اور 10 مئی کو جو حال ہوا وہ پوری دنیا کے سامنے ہے پوری دنیا کے سامنے اس کا غرور خاک میں مل گیا جس کے زور پر یہ جنگ لڑی جا رہی ہے اس کی یہ حالت ہے تو ان کی کیا حالت ہوگی۔ انہوں نے منیر مینگل روڈ پر جلسہ میں شرکت کیلئے آنے والے قافلے کو نشانہ بنانے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس بزدلانہ حملہ میں ایک شخص شہید ہوا اس کے مقدس خون کے ایک ایک قطرے کا بدلہ لیا جائے گا، اس کی فیملی کی کفالت بلوچستان حکومت کرے گی۔

## پاک فوج کی جوابی کارروائی نے بھارت کو جس تاریخی شکست سے دوچار کیا اسے بھارت کی نسلیں یاد رکھیں گی، جشن فتح جلسے سے ولی نورزئی، لیاقت لہڑی، صمد گورگیج ودیگر کا خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاک فوج نے ملک کے دفاع میں جوابی کارروائی کرکے بھارت کو جس تاریخی شکست سے دوچار کیا اس کو بھارت کی آئندہ نسلیں بھی یاد رکھیں گی، بھارتی خفیہ ادارہ را ہو یا رافیل دونوں ناکام (باقی صفحہ 5 نمبر 2)

ہوئے بلااشتعال بمباری کرکے ہندوستان نے جن پاکستانیوں کو شہید کیا ان کا بدلہ لیا جائے گا۔ یہ بات پارلیمانی سیکرٹریز حاجی ولی محمد نورزئی، میر لیاقت علی لہڑی، صمد گورگیج، رکن بلوچستان اسمبلی ملک نعیم بازئی، صوبائی حکومت کے سابق ترجمان بابر یوسفزئی سمیت دیگر نے بدھ کو کوئٹہ کے ریلوے ہاکی گراؤنڈ میں پاک افواج کے دفاع وطن کے معرکہ کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے جشن فتح جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، بخت محمد کاکڑ، کوہیار ڈومکی، ارکان اسمبلی حاجی علی مدد جتک، میر زرک خان مندوخیل، عبید گورگیج، آغا عمر احمدزئی، سابق صوبائی وزیر میر ضیاء اللہ لانگو، پیپلز پارٹی کے رہنماء سید اقبال شاہ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ مودی کا دعویٰ تھا کہ بلوچستان کی جڑیں کھوکھلی کردی ہیں آج بلوچستان کے عوام نے ثابت کیا کہ بلوچستان اور کوئٹہ کے لوگ اپنے ملک کے دفاع اور افواج پاکستان کیساتھ کس قدر محبت کرتے ہیں، یہ تو صرف کوئٹہ کے لوگ ہیں جب بلوچستان کی ڈیڑھ کروڑ آبادی باہر نکلے گی تو بھارت کو لے ڈوبے گی۔ انہوں نے کہا کہ آج فتح کا یہ جشن بھارت کے منہ پر طمانچہ ہے اور یہ شکست بھارت کو رہتی دنیا تک یاد رہے گی۔ پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت علی لہڑی نے کہا کہ کوئٹہ میں ہونے والے جلسہ عام نے ثابت کیا کہ بلوچستان کے لوگ اپنے مسلح افواج کے ساتھ کھڑے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری صمد گورگیج نے کہا کہ مودی نے جن جیٹ طیاروں کی امید پر پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کی ان کو ہی ملیامیٹ کردیا گیا، رکن بلوچستان اسمبلی ملک نعیم بازئی نے کہا کہ حکومت کی دانشمندی، پاک فوج کی جرات، بروقت فیصلوں، سیاسی جماعتوں کے اتحاد واتفاق سے خطے میں طاقت کا توازن تبدیل ہوا ہے، صوبائی حکومت کے سابق ترجمان بابر یوسفزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلح افواج نے دشمن کو ناکوں چنے چبوائے ہیں آج ہمارے اندرونی اور بیرونی دونوں دشمن بے نقاب ہوئے ہیں، جس طرح افواج پاکستان نے ہمارے بیرونی دشمن کو شکست دی اس طرح وہ ان فتنوں کو بھی جو بلوچستان میں بیرونی ایجنڈے کو پورا کررہی ہیں پاکستان اور بلوچستان کو الگ کرنا چاہتے ہیں ان کی سرکوبی کی جائے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITA

نظامت اعلیٰ تعلق
حکومت بلو

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

Bullet No. 1

Page No. 6 (A)

# وزیراعلیٰ سے اپوزیشن جماعتوں کے اراکین کی ملاقات

## نئے مالی سال کے بجٹ اور صوبے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

### بجٹ میں عوامی مفاد اور صوبے کی ضروریات کو ترجیح دی جائیگی، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری کی سربراہی میں اپوزیشن جماعتوں کے اراکین اسمبلی نے ملاقات کی اس (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

موقع پر نئے مالی سال کے بجٹ اور صوبے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اراکین اسمبلی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کی حکمت عملی اپنائی گئی ہے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کا مثبت کردار جمہوریت کے استحکام کی ضمانت ہے اور ہماری حکومت شفافیت اور مشاورت کے اصولوں پر کاربند ہے انہوں نے کہا کہ نئے مالی سال کے بجٹ میں عوامی مفاد اور صوبے کی ضروریات کو ترجیح دی جائے گی جبکہ ترقیاتی منصوبوں کی تیاری اور عمل درآمد میں عوامی نمائندوں کی مشاورت کو بھی کلیدی اہمیت حاصل ہے وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ حکومت تمام سیاسی قوتوں کو ساتھ لے کر بلوچستان کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے پرعزم ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ٹراما سنٹر سول ہسپتال کوئٹہ میں بم دھماکے میں زخمی ہونیوالے افراد کی عیادت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بھارتی جارحیت کے خلاف پاکستان کی تاریخی کامیابی پر کوئٹہ میں جشن فتح کے عنوان سے منعقدہ عظیم الشان جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے میر یونس عزیز زہری کی قیادت میں اپوزیشن اراکین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

CLIPP

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تع
حکومت بل

D

Bullet No. 1

Page No. 6 (B)


THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 15 مئی 2025ء بمطابق 17 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 133


# ...یں اپنے پیٹ کی جنگ لڑی گئی کسی کو بندوق نظریہ مسلط نہیں کرنے دینگے

میر سرفراز بگٹی

## ...ن کے زور پر وہ بلوچستان میں دہشتگردی کر رہے ہیں اگر ریاست نے اس ملک کا یہ حال کیا ہے تو سوچ لیں کہ ان کا نام ونشان مٹا دیا جائیگا

**...پنے گھمنڈ میں تھا کہ شاید وہ پاکستان کا نقصان کر پائیگا لیکن ہماری افواج نے مودی سرکار کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بنایا، وزیراعلیٰ کا ریلوے ہاکی گراؤنڈ کوئٹہ میں یوم جشن فتح کے جلسے سے خطاب**

...کیا وہ پوری دنیا نے دیکھ لیا ہے، ...سے کہتا ہوں کہ جن کے زور پر وہ بلوچستان میں دہشتگردی کر رہے ہیں اگر ریاست نے اس ملک کا یہ حال کیا ہے تو سوچ لیں کہ ان کا نام ونشان مٹا دیا جائیگا، بلوچستان کے لوگ نہ صرف دلیر اور غیرت مند ہیں بلکہ سیسہ پلائی دیوار کی طرح پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، بلوچستان کے لوگوں نے فیصلہ کرلیا ہے کہ بندوق کے زور پر کسی کو نظریہ مسلط نہیں کرنے دیں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو ریلوے ہاکی گراؤنڈ کوئٹہ میں یوم جشن فتح کے

بقیہ نمبر36 صفحہ 5 پر

موقع پر منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جلسے سے پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی، میر صمد گورگیج، ولی محمد نورزئی، رکن اسمبلی ملک نعیم بازئی، سماجی سیاسی رہنما، بابر یوسفزئی نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، بخت محمد کاکڑ، کوہیار ڈومکی، ارکان اسمبلی حاجی علی مدد جتک، زرک خان مندوخیل، عبید گورگیج، آغا عمر احمد زئی، سابق صوبائی وزیر میر ضیاء اللہ لانگو، پیپلز پارٹی کے رہنما سید اقبال شاہ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مودی سرکار کا یہ خیال تھا کہ پاکستان ایک تر نوالہ ہے اور اپنے گھمنڈ میں تھا کہ شاید وہ پاکستان کا نقصان کر پائیگا لیکن ہماری افواج نے مودی سرکار کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے جب جب جارحیت کی کوشش کی اسے منہ توڑ جواب ملا ہے اس بار جس دلیری اور جرات کے ساتھ پاکستان کے سپہ سالار نے ہندوستان کا مقابلہ کیا ہے بلوچستان کے لوگ ان کے مشکور اور پاکستان کے لوگ ان کا یہ احسان زندگی بھر نہیں بھولیں گے۔ انہوں نے کہا کہ افواج کے جن جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے ہمیشہ پاکستان کی آواز بلند ہوتی آئی ہے اور آئندہ بھی ہوتی رہے گی کچھ لوگوں کا یہ خیال ہے کہ میں بحیثیت بلوچ یہ سوال بلوچ قوم کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ انہیں ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیل دیا گیا ہے دو چار دن پہلے ایک نام نہاد لیڈر پتھر کے پیچھے چھپ کر کہہ رہا تھا کہ یہ قومی جنگ ہے یہ کونسی قومی جنگ ہے کہ جس میں عام بلوچستانی کو ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا جا رہا ہے اگر آج بلوچ قوم بحیثیت بلوچ نہیں سوچے گی تو کچھ سال بعد یہ سوچ ضرور ابھرے گی یہ ایک لاحاصل جنگ میں معصوم لوگوں، مزدوروں، بلوچوں کو مخبری کے نام پر قتل وغارت کی گئی یہ بلوچ، پشتون روایات اور بلوچستان کی روایات کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں پیغام دینا چاہتا ہوں کہ یہ کسی بھی حقوق کی جنگ نہیں یہ صرف اور صرف آپ کے پیٹ کی جنگ ہے اور ہندوستان کی پراکسی نے ہندوستان کی ایماء پر عام لوگوں پر یہ جنگ مسلط کی گئی ہے اس جنگ کا اختتام ریاست پاکستان کی فتح ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام بلوچ کو آج یہ سوچ لینا چاہیے کہ ترکی میں کردستان کی تحریک جس طرح ختم ہوئی میں بلوچستان کی

تحریک کو بھی اس طرح ختم ہوتے ہوئے دیکھ رہا ہوں جن جن تحریک طول پکڑے گی اتنا ہی معصوم لوگوں کی قتل وغارت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جو کہتے ہیں کہ پنجابی ایجنٹ مارے جا رہے ہیں ان سے ایجنٹ نہیں مارے جا رہے وہ معصوم مسافروں اور مزدوری کرنے والوں کا قتل کر رہے ہیں یہ کہاں کی روایات ہیں بلوچ تاریخ میں یہ لکھا جائے گا کہ ان کا بلوچستان یا بلوچ سے کوئی تعلق نہیں تھا یہ صرف اور صرف دہشتگرد تھے جو پاکستانیوں کو شہید کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں ایک بار پھر دعوت دیتا ہوں کہ جس کی ایماء اور زور پر تم نے یہ جنگ مسلط کی تھی اس کا تو خود 9 اور 10 مئی کو جو حال ہوا وہ پوری دنیا نے دیکھ لیا اور اس کا غرور خاک میں مل گیا ہے جس کے زور پر تم یہ جنگ لڑ رہے تھے اس کی یہ حالت ہے تو تمہاری کیا حالت ہوگی میں روز اول سے کہہ رہا ہوں کہ ریاست نے اب تک یہ جنگ شروع ہی نہیں کی ریاست جب جنگ لڑتی ہے تو ایسے لڑے گی جیسے 9 اور 10 مئی کو لڑی گئی وہ لڑائی جب شروع ہوگی تو آپ کا نام ونشان نہیں رہے گا آج بھی آپ کے پاس موقع ہے کہ واپس آئیں اور قومی دھارے میں شامل ہوں یہ نہیں ہوسکتا کہ بندوق کے زور کے بل پر اپنا نظریہ مسلط کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگوں نے یہ فیصلہ کرلیا ہے کہ چاہے کوئی بھی قربانی دینی پڑے وہ بندوق کے زور پر نظریہ مسلط نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے یہ پیغام دیا ہے کہ بلوچستان کے لوگ نہ صرف دلیر اور غیرت مند ہیں بلکہ سیسہ پلائی دیوار کی طرح پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے سریاب روڈ پر پیپلز پارٹی کے قافلے کو نشانہ بنانے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کے قاتلوں کو کٹہرے میں لایا جائے گا اور ان کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائیگا۔ شہداء کے خاندانوں کی کفالت حکومت بلوچستان کرے گی۔ جلسے سے خطاب ہوئے پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی، میر صمد گورگیج، ولی محمد نورزئی، رکن اسمبلی ملک نعیم بازئی، سماجی سیاسی رہنما بابر یوسفزئی ودیگر نے کہا کہ مودی ایک الیکشن کے لئے اپنے ملک اور عوام کو خطرے میں ڈال رہے ہیں جن طیاروں پر انہیں فخر تھا وہ بری طرح ناکام ہوگئے ہیں انہوں نے کہا کہ جس انڈیا میں رافیل آتا ہے وہ ہمیشہ فیل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ نوجوانوں کو ورغلا کر خطے کی معاشی ترقی کو روکنے کی کوشش کی جاری ہے ہم نے ان کے عزائم کو خاک میں ملایا ہے۔ مقررین نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام نے آج دکھا دیا کہ عوام افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان خود کو بدمعاش سمجھتا ہے افواج پاکستان نے اسے شکست دی ہے بلوچستان کے عوام افواج کے ساتھ تھے اور رہیں گے۔ مقررین نے کہا کہ پاکستانی قوم نے اللہ کی نصرت اور حکومت کی دانشمندی، افواج کی درست حکمت عملی، عوام کی تائید وحمایت سے طاقت کا توازن برقرار رکھا۔ انہوں نے کہا کہ بزدل دشمن نے مساجد، گھروں اور دفاعی تنصیبات پر حملہ کیا جس کا ہم نے بہادری سے مقابلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن بنیان المرصوص کا نام اللہ کے کلام سے شروع ہوا وہ کیسے ناکام ہوسکتا ہے آج 25 کروڑ عوام افواج کی پشت پر کھڑی اور منظم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ملکر اندرونی اور بیرونی دشمنوں کو ان کے انجام تک پہنچائیں گے۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان سے اپوزیشن اراکین اسمبلی کی ملاقات

**نئے مالی سال کے بجٹ اور صوبے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری کی سربراہی میں اپوزیشن جماعتوں کے اراکین اسمبلی نے ملاقات کی اس موقع پر نئے مالی سال کے بجٹ اور صوبے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان

بقیہ نمبر63 صفحہ 5 پر

میر سرفراز بگٹی نے اراکین اسمبلی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کی حکمت عملی اپنائی گئی ہے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کا مثبت کردار جمہوریت کے استحکام کی ضمانت ہے اور ہماری حکومت شفافیت اور مشاورت کے اصولوں پر کاربند ہے انہوں نے کہا کہ نئے مالی سال کے بجٹ میں عوامی مفاد اور صوبے کی ضروریات کو ترجیح دی جائے گی جبکہ ترقیاتی منصوبوں کی تیاری اور عمل درآمد میں عوامی نمائندوں کی مشاورت کو بھی کلیدی اہمیت حاصل ہے وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ حکومت تمام سیاسی قوتوں کو ساتھ لے کر بلوچستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے پرعزم ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ بی آر ٹی سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی یوم فتح پاکستان کے جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTO
GENERAL O
RELATIONS BA

نظامت اعلی
حکومت

Bullet No. 7

Page No. 7

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 29 | جمعرات 15 مئی 2025ء بمطابق 17 ذوالقعدہ 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 132


# بندوق کے زور پر نظریہ مسلط کرنیکی اجازت نہیں دی جائیگی، سرفراز بگٹی

## مسلح عناصر کو واپس آنیکی دعوت کا اعادہ

بھارت کی پراکسی کے ذریعے معصوم بلوچوں کو مروایا جارہا ہے یہ حقوق کی نہیں پیٹ کی جنگ ہے ریاست جب لڑتی ہے تو دشمن 9 مئی اور 10 مئی جیسی راتیں نہیں بھولتا

**بلوچستان کے عوام نے فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ اسلحہ کے زور پر فیصلے قبول نہیں کرینگے کوئٹہ ہاکی گراؤنڈ میں جشن فتح جلسے سے وزیراعلیٰ بلوچستان کا خطاب**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صنعت و تجارت بلوچستان سردار کوہیار خان ڈوکی نے سریاب روڈ کوئٹہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کی ریلی پر دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ بزدلانہ کارروائی امن و استحکام کے خلاف سازش ہے جس کا مقصد صوبے میں خوف و ہراس پھیلانا اور سیاسی سرگرمیوں کو سبوتاژ کرنا ہے، تاہم ملک دشمن........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

عناصر اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے سردار کوہیار خان ڈوکی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف پوری قوم یکجا ہے اور ریاست ایسے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی نرمی کی متحمل نہیں ہو سکتی۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان اور قیادت نے ہمیشہ جرات اور استقامت کا مظاہرہ کیا ہے، اور ایسی بے ہودہ کارروائیاں ان کے حوصلے پست نہیں کر سکتیں انہوں نے دھماکے میں شہید ہونے والوں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کرتے ہوئے انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں سردار کوہیار خان ڈوکی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کو بدامنی کی طرف دھکیلنے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا، اور حملے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لا کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

## طالبات کی امتحانی ہال میں نقل، وزیر تعلیم نے عملہ معطل کر دیا

**صوبے میں شفاف امتحانی نظام کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے گا**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں تعلیمی نظام کو شفاف بنانے کے لیے وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کوئٹہ کے گرلز ڈگری کالج کا اچانک دورہ کیا اس موقع پر اُن کے ہمراہ کالج کے اساتذہ اور ڈائریکٹر کالجز بھی موجود تھے۔وزیر تعلیم نے امتحانی کمروں کا جائزہ لیا اور امتحانات کے دوران ہونے والے عمل کا معائنہ کیا دورے کے دوران بعض کلاسز میں طالبات........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کو نقل کرتے ہوئے پایا گیا، جس پر وزیر تعلیم نے فوری ایکشن لیتے ہوئے پورے امتحانی عملے کو معطل کر دیا میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راحیلہ حمید درانی نے واضح کیا کہ امتحانات میں کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، اور تعلیمی اداروں میں شفاف امتحانی نظام کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے گا انہوں نے طالبات سے بھی خطاب کیا اور کہا کہ نقل وقتی فائدہ ضرور دیتی ہے،

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 15 MAY 2025 Page No. 19

## کچھی پولیس ضلع میں قیام امن کیلئے کوشاں ہے، ایس ایس پی

**بھاگ بازار کی دکانوں میں واردات کرنے والا ڈاکو اسلحہ سمیت گرفتار**

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) ڈھاڈر۔ کچھی پولیس نے بھاگ میں بدامنی میں ملوث افراد کے خلاف بھرپور کارروائیاں شروع کردی ہیں۔ ایس پی کچھی۔ بھاگ بازار کی دکانوں میں واردات کرنے پر پولیس نے ڈاکوؤں کا پیچھا کر کے ایک ڈاکو کو اسلحہ سمیت گرفتار جبکہ اس کے ساتھی موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہوئے جن کی تلاش جاری ہے۔ ایس پی رانا دلاور کی ........

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

نے اسلام آباد ہائیکورٹ کے ججز کی سنیارٹی اور تبادلے کے خلاف درخواستوں پر سماعت کی، 5 ججز کے وکیل منیر اے ملک نے دلائل جاری رکھتے ہوئے کہا ججز ٹرانسفر کرنے کی حکومت نے جو وجہ بتائی وہ مضحکہ خیز ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ ایکٹ کے مطابق ججز مختلف صوبوں سے تعینات ہو سکتے ہیں، قانون میں تبادلوں کا نہیں بلکہ صوبوں سے تعیناتی کا ذکر ہے، منیر اے ملک نے کہا جوڈیشل کمیشن نے 5 میں سے 2 آسامیوں پر تعیناتی کی، حکومت کہتی ہے جوڈیشل کمیشن نے ججز نہیں لگائے تو ہم نے لگا دیے، ججز تبادلے کی اصل وجہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے 6 ججز کا خط ہے، 6 ججز نے خط میں حساس اداروں کی مداخلت کا ذکر کیا، خط کے بعد تمام ججز ہی نشانے پر آ گئے، ایک جج کی ڈگری کا مسئلہ نکل آیا تو دوسرے جج کا بیرون ملک رہائش کا کارڈ مل گیا، اصل مسئلہ جسٹس عامر فاروق کی سپریم کورٹ تعیناتی کے بعد نئے چیف جسٹس کی تقرری کا تھا، جسٹس نعیم اختر افغان نے منیر اے ملک سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا 6 ججز کی جانب سے لکھے گئے

## ڈاکٹر میر من کاکڑ ضلع قلعہ عبداللہ سے پہلی خاتون اے سی منتخب

**پی سی ایس امتحان میں خواتین امیدواروں میں دوسری پوزیشن حاصل کی**

**ملک و قوم کی خدمت کے جذبے کے تحت سول سروس کا انتخاب کیا**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ کے دور افتادہ اور پسماندہ علاقے گجک سے تعلق رکھنے والی ڈاکٹر میر من کاکڑ دختر صلاح الدین کاکڑ نے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے حالیہ مقابلہ جاتی امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر کے عہدے پر تعیناتی حاصل کر لی ہے۔ ڈاکٹر میر من اس امتحان میں پشتون بیلٹ سے کا ........

بقیہ 81 صفحہ نمبر 7 پر

میاب ہونے والی پہلی خاتون امیدوار ہیں، جبکہ مجموعی طور پر بلوچستان بھر کی خواتین امیدواروں میں انہوں نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ یہ بات نہایت اہم ہے کہ ڈاکٹر میر من کاکڑ ضلع قلعہ عبداللہ سے منتخب ہونے والی پہلی خاتون اسسٹنٹ کمشنر بھی ہیں، جو نہ صرف اپنے علاقے بلکہ پورے بلوچستان کے لیے باعث فخر ہیں ڈاکٹر میر من کاکڑ نے طب میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد عوامی خدمت کے جذبے کے تحت سول سروس کا انتخاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ امتحان انتہائی سخت اور اعصاب شکن تھا، مگر اللہ تعالیٰ کے فضل، والدین کی دعاؤں، اہل خانہ، اساتذہ اور دوستوں کی حوصلہ افزائی کے باعث میں کامیاب ہوئی۔

## جشن فتح ریلی بم حملے کی تحقیقات جاری ہیں، ڈی سی کوئٹہ

**ابتدائی اطلاعات کے مطابق یہ دستی بم کا حملہ تھا، زخمیوں کی عیادت کی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی نے کہا ہے کہ جشن فتح جلسے میں شرکت کے لئے جانے والی ریلی پر ہونے والے بم حملے کی تحقیقات جاری ہیں ابھی تک کی اطلاعات کے مطابق یہ دستی بم کا حملہ تھا یہ بات انہوں نے ٹراما سینٹر کوئٹہ میں ........

بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

زخمیوں کی عیادت کرنے کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کی۔ اس موقع پر ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ عبدالہادی کاکڑ بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ دھماکے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 12 زخمیوں کو ٹراما سینٹر لایا گیا، زخمیوں میں سے دو کی حالت تشویشناک ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان کے تاجروں کو بغیر رکاوٹ خصوصی ویزے جاری ہونگے، عرب امارات

**کراچی میں متعین یو اے ای کے قونصل جنرل ڈاکٹر بخیت عتیق الرمیثی سے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور سی ای او عبدالکبیر زرکون کی ملاقات**

**چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر زرکون نے سرمایہ کاری منصوبوں کی تفصیلات، امکانات اور حکومتی مراعات سے متعلق قونصل جنرل کو آگاہ کیا**

کراچی (خ ن) متحدہ عرب امارات نے بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کیلئے الگ ویزا فیسلی ٹیشن ڈیسک (DeskFacilitation Visa) قائم کرنے کا اعلان کردیا۔ بلوچستان کے تاجروں کیلئے بغیر کسی رکاوٹ کے خصوصی طور پر ویزے جاری کئے جائیں گے۔ کراچی میں متعین یو اے ای کے قونصل جنرل ڈاکٹر بخیت عتیق الرمیثی سے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور سی ای او عبدالکبیر زرکون نے ملاقات کی اور فریقین نے خلیفہ پورٹ سمیت اسٹریٹجک منصوبوں میں شراکت داری پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ ٹو گورنمنٹ تعاون کے ذریعے منصوبوں کو آگے بڑھایا جائیگا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر زرکون نے سرمایہ کاری منصوبوں کی تفصیلات، امکانات

بقیہ نمبر 3 صفحہ 5 پر

اور حکومتی مراعات سے متعلق قونصل جنرل کو آگاہ کیا، قونصل جنرل یو اے ای نے کہا کہ بلوچستان کے سرمایہ کاری منصوبوں کو اپنے سرمایہ کاری پورٹل پر شائع کریں گے۔ اس موقع پر بلال خان کاکڑ نے کہا کہ متحدہ عرب امارات ہمارا برادر دوست ملک ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کار بلوچستان آئیں انہیں حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون اور سہولیات فراہم کرینگے۔

## ڈپٹی ڈائریکٹر انویسٹی گیشن صوبائی محتسب کی وندر آمد، شہریوں نے شکایات کے انبار لگا دیئے

**نورا لامین کی اسسٹنٹ کمشنر سے ملاقات، عوامی مسائل فوری حل کرنے کی ہدایت جاری**

سونمیانی وندر (نمائندہ انتخاب) ڈپٹی ڈائریکٹر انویسٹی گیشن صوبائی محتسب نورالامین کی وندر آمد میونسپل کمیٹی وندر کانفرنس ہال میں عوامی مسائل سے عوامی شکایات پر ماہدا آفس کا دورہ کیا [illegible] نے پولیس، ماحولیات، محکمہ تعلیم، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، فشریز کے متعلق شکایتوں کے انبار لگا دیے۔ بعد ازاں ڈپٹی ڈائریکٹر انویسٹی گیشن نے اسسٹنٹ کمشنر سے ملاقات کی عوامی مسائل کے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 5 پر

فوری حل کرنے کے لیے کوششیں تیز کرنے کی ہدایت۔ اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر امام بخش بزدار، وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر چیئرمین زمیندار ایکشن کمیٹی محمد اسلم سوری، سیکرٹری عنایت اللہ رحمودے ترقیاتی منصوبوں اور سالانہ فنڈز کے حوالے سے تفصیلات طلب کیں جس پر انہیں بریفنگ دی گئی۔ جبکہ وندر ندی پر حالیہ جاری بچاؤ کام کے تحت ممکنہ سیلابی صورتحال کے نقصانات پر تشویش سے آگاہ کیا گیا۔ نادر سوہا کل وین کے ذریعے 300 شناختی کارڈ زمین الصوبائی لوگوں کو وندر پر لیز جاری کرنے کی شکایات سے آگاہ کیا گیا کہ مذکورہ کارڈز کو فوری منسوخ کیا جائے۔ علاقے میں نشہ فیس و دیگر منشیات جو جی ایس آرفنڈ علاقے میں کسی کام پر خرچ نہیں کرتے اور ڈی جی سیمنٹ فیکٹری جو وندر کا پانی لیجاتا ہے لیکن یہاں روزگار نہیں عوامی شکایات سننے کے بعد انہوں نے کہا کہ جائز مسائل ہیں جن کو حل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ اس موقع پر صوبائی محتسب اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد بلال، ریڈر محتسب حضور بخش موجود، ڈی ڈی او کیر ٹیچر واٹر مینجمنٹ حب ویلز برہی اسسٹنٹ ڈائریکٹر میرین فشریز حب عبدالرزاق انکاری، فیلڈ اسسٹنٹ مراد صابرہ، بی ڈی اے ٹماکر ودیگر نے شرکت کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 15 MAY 2025

Page No. 20


# صوبے میں پیدائش و اموات کے سرٹیفکیٹس کو کمپیوٹرائزڈ کر دیا گیا، سیکرٹری بلدیات

## صوبے بھر کے ہسپتالوں سے ہی عوام کیلئے پیدائش اور اموات کے سرٹیفکیٹ کا اجراء ممکن بنایا جائے گا، عبدالرؤف بلوچ

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالرؤف بلوچ نے کہا ہے کہ بی ایم سی وسول ہسپتال کوئٹہ کو نادرا کے ساتھ لنک کر کے مکمل طور پر ڈیجیٹلائز کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ پیدائش اور اموات کی سرٹیفکیٹ نادرا کے تعاون سے مکمل طور ڈیجیٹلائز ہو گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ بلدیات و دیہی ترقی میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کے موقع پر کیا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بورڈ شجاعت حسین، ڈائریکٹر جنرل نادرا بلوچستان نوید جان صاحبزادہ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فیض اللہ کاکڑ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا رضوان مگسی، بلوچستان ہیلتھ کارڈ ایڈمن ڈائریکٹر ڈاکٹر احمد ولی و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عبدالرؤف بلوچ نے کہا کہ صوبے بھر کی تمام یونین کونسلز کے دفاتر کو مزید فعال بنانے کے لیے موثر اقدامات کر رہے ہیں تاکہ عوام کو بچے کی پیدائش، اموات، میرج اور طلاق کے سرٹیفکیٹ کے حصول کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ اب رجسٹریشن کے حصول کو مزید بڑھانے کے حوالے سے صوبے کے چھوٹے بڑے ہسپتالوں میں عوام کی سہولت کیلئے پیدائش اور اموات کے سرٹیفکیٹ کا اجراء ممکن بنایا جائے گا۔ عوام آسانی سے بچے کی پیدائش کے وقت ہی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ حاصل کر سکیں گے اور حکومت بلوچستان کو بھی درست ریکارڈ مہیا ہوگا۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ ہوا کہ محکمہ بلدیات و دیہی ترقی کی سطح پر ایک تحقیقاتی کمیٹی بھی قائم کی گئی ہے جو کہ صوبے بھر کے پیدائش اور اموات سرٹیفکیٹ کی مکمل طور پر جانچ پڑتال کرے گی اور اس میں حائل رکاوٹوں کا مکمل طور پر دور کرے گی۔ آخر میں محکمہ بلدیات، صحت اور نادرہ کے درمیان معاہدے کی یادداشت پر دستخط ہوئے۔

# یو اے ای کا بلوچستان بزنس کمیونٹی کیلئے ویزا فیسلی ٹیشن ڈیسک قائم کرنے کا اعلان

## وائس چیئرمین اور سی ای او سرمایہ کاری بورڈ کی قونصل جنرل سے ملاقات، سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرینگے، بلال کاکڑ

کراچی (خ ن) متحدہ عرب امارات نے بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کیلئے الگ ویزا فیسلی ٹیشن ڈیسک قائم کرنے کا اعلان کر دیا۔ بلوچستان کے تاجروں کیلئے بغیر کسی رکاوٹ کے خصوصی طور پر ویزے جاری کئے جائیں گے۔ کراچی میں متعین یو اے ای کے قونصل جنرل ڈاکٹر بخیت عتیق الرحمی سے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور سی ای او عبدالکبیر زرکون نے ملاقات کی اور فریقین نے خلیفہ پورٹ سمیت اسٹریٹجک منصوبوں میں شراکت داری پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ ٹو گورنمنٹ تعاون کے ذریعے منصوبوں کو آگے بڑھایا جائیگا۔ چیف ایگزیکٹو افسر عبدالکبیر زرکون نے سرمایہ کاری منصوبوں کی تفصیلات، امکانات اور حکومتی مراعات سے متعلق قونصل جنرل کو آگاہ کیا۔ قونصل جنرل یو اے ای نے کہا کہ بلوچستان کے سرمایہ کاری منصوبوں کو اپنے سرمایہ کاری پورٹل پر شائع کرینگے۔ اس موقع پر بلال کاکڑ نے کہا کہ متحدہ عرب امارات ہمارا برادر دوست ملک ہے۔


MASHRIQ QUETTA


# دستی بم حملہ کرنیوالے جلد گرفتار ہونگے، شاہد رند

## امن و امان کے خلاف سرگرم عناصر کی سرکوبی اب ناگزیر ہو چکی ہے

## حکومت عوام کے تحفظ کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما حاجی علی مدد جتک کے قافلے پر سریاب روڈ کے قریب ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ یہ حملہ نہ صرف ایک بزدلانہ اقدام ہے بلکہ منتخب نمائندوں پر حملہ جمہوری عمل پر براہ.......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

راست حملے کے مترادف ہے ترجمان نے کہا کہ حملہ آوروں کو جلد از جلد قانون کی گرفت میں لا کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ امن و امان کے خلاف سرگرم عناصر کی سرکوبی اب ناگزیر ہو چکی ہے اور ایسے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں شاہد رند نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام اور ان کے منتخب نمائندوں کے تحفظ کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 15 MAY 2025

Page No. 21


## ملک کی کوئی خارجہ پالیسی نہیں، ہم ٹرمپ کی منتیں کر رہے ہیں، مولانا فضل الرحمن

کوئٹہ میں ملین مارچ آج ہوگا

ہم دوسرے کے مفادات کے تحفظ کیلئے خارجہ پالیسی بناتے ہیں اب تو نوبت امریکہ تک پہنچ گئی ہے، سربراہ جمعیت

اسرائیل نے فلسطین میں جو ظلم و زیادتی کی ہے وہ ہمارے سامنے ہے اس پر ہم خاموش نہیں بیٹھیں گے، خطاب

کوئٹہ (اے این این) جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کا کہنا ہے کہ فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے کوئٹہ میں ہمارا عظیم الشان ملین مارچ ہوگا۔ کوئٹہ میں جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے پارٹی کے میڈیا سیل کے نمائندوں سے خطاب میں کہا کہ پوری دنیا کو دکھائیں گے کہ فلسطین میں جو ظلم ہو رہا ہے اس پر ہم خاموش نہیں بیٹھیں گے۔ اسرائیل آج فلسطین میں......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

جو ظلم و زیادتی کر رہا ہے وہ ہمارے سامنے ہے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ پوری دنیا کے مسلمان اس ظلم پر خاموش ہیں، مسلمانوں کو اس ظلم و زیادتی کے خاتمے کے لیے آگے آنا ہوگا۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان کے عوام اور جمعیت علمائے اسلام فلسطین کے عوام کے ساتھ تھے اور رہیں گے۔ جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کا یہ بھی کہنا ہے کہ ہمارے ملک کی خود کی خارجہ پالیسی نہیں ہے، ہم دوسرے کے مفادات کے لیے خارجہ پالیسی بناتے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہمارے ملک کی خود خارجہ پالیسی نہیں ہے دوسروں کی پالیسی پر انحصار کر کے یہاں تک پہنچ گئے ہیں کہ ہم ٹرمپ کی منتیں کر رہے ہیں جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی جماعت ہے اختلافات کا واحد حل نچلی سطح سے لیکر مرکز تک فلور موجود ہیں کارکن اختلاف ضرور رکھیں لیکن فورم سے باہر لے جانا پارٹی اصولوں کی خلاف ورزی ہے پوری دنیا میں سوشل میڈیا اسلام کے اصولوں کے متصادم استعمال کیا جا رہا ہے ہم نے اس کی زبان نہیں بلکہ خود اسلامی اصولوں کے مطابق جواب دینا ہے اسی طرح شریعت کے اصولوں کو اپنانا اور جماعتی نظام کا خیال رکھنا پارٹی پالیسی کا بہترین عمل ہے اگر ہم نے اصلاح کرنا ہے تو انبیاء کرام کی سیاست کو اپنانا ہوگا بلکہ اپنے درمیان کی غلط کو دور کر اس کو بحث بنانے کی بجائے دور کرنا ہوگا فلسطین کے ظلم پر خاموشی باعث افسوس ہے اخلاقی طور پر ہمیں چاہئے کہ ہم فلسطین کی ہر سطح پر حمایت اور رہنمائی کریں

INTEKHAB QUETTA

## گوادر، مسلح افواج کی حمایت میں ریلی، بھارت کے خلاف نعرے

گوادر میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بھارتی جارحیت کے خلاف عظیم الشان ریلی میں افواجِ پاکستان سے بھرپور اظہارِ یکجہتی

شرکاء نے پاک فوج کے جوانوں پر گل پاشی کی، جب کہ ڈی آئی جی اور ڈپٹی کمشنر نے نوجوانوں سے ملاقات و مصافحہ کیا

گوادر (بیورو رپورٹ) ضلعی انتظامیہ گوادر کے زیر اہتمام بھارتی جارحیت کے خلاف اور افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لیے پدی زر میرین ڈرائیو پر ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی، جو سید ہاشمی چوک سے شروع ہو کر پولیس کمپلیکس گوادر تک پہنچی۔ ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن، ڈی آئی جی مکران رینج ڈاکٹر پرویز عمرانی، ایس ایس پی گوادر ضیاء الحق مندوخیل، اسسٹنٹ کمشنر میر جواد زہری، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور، میر کارواں کے سربراہ میر ارشد کلمتی، ضلع کونسل کے وائس چیئرمین ہوت نعمت اللہ، ایڈووکیٹ شبیر احمد بلوچ، پاکستان پیپلز پارٹی کے یوسف فریادی سمیت ضلعی افسران بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

سیاسی و سماجی شخصیات، سول سوسائٹی، خواتین، بچوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر بھارت کے خلاف نعرے اور افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے کلمات درج تھے۔ ریلی کے دوران شرکاء نے پاک فوج کے جوانوں پر گل پاشی کی، جب کہ ڈی آئی جی اور ڈپٹی کمشنر نے نوجوانوں سے ملاقات و مصافحہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا: "ہم آج دنیا کو دو پیغامات دینا چاہتے ہیں: ایک یہ کہ نہ ہم کمزور ہیں اور نہ ہی ہمارے سرحدی محافظ۔ دوسرا یہ کہ اگر ہماری سالمیت پر کبھی بھی حملہ ہوا تو پاکستانی قوم اور افواج پاکستان ہمیشہ منہ توڑ جواب دیں گے۔ ہم پاک فضائیہ، بری فوج، بحریہ اور پوری قوم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے بھارتی جارحیت کے خلاف بے مثال اتحاد اور جذبہ دکھایا۔" ڈی آئی جی مکران رینج ڈاکٹر پرویز عمرانی نے تمام مکاتب فکر کے افراد، بالخصوص ماؤں، بہنوں اور بچوں کی بھرپور شرکت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا: "افواج پاکستان نے دشمن کی ہر جارحیت کا جرأت مندانہ جواب دیا ہے، اور ان شاء اللہ آئندہ بھی بھارت کی کسی بھی مہم جوئی کا ایسا منہ توڑ جواب دیا جائے گا جو تاریخ میں یاد رکھا جائے گا۔" ریلی کے اختتام پر شرکاء نے بھارتی پرچم نذر آتش کیا اور وطن عزیز کی سلامتی، استحکام اور افواج پاکستان کے حق میں پرجوش نعرے بلند کیے۔

## سی پی این ای بلوچستان کمیٹی کی تشکیل، انور ساجدی چیئرمین مقرر

ڈپٹی چیئرمین عارف بلوچ ہوں گے، اراکین میں منیر، رضا، عرفان، رضا لہڑی، خلیل، آصف، عبدالنعیم، گل و دیگر شامل

کمیٹی کا مقصد اخبارات و جرائد کا تحفظ کرنا، پرنٹ میڈیا کی سرگرمیوں کا انعقاد کرنا ہے، سی پی این ای کا اعلان

کراچی (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) نے سال 2025-26 کے لیے بلوچستان کمیٹی کی تشکیل کا اعلان کر دیا ہے۔ جس کا چیئرمین انور ساجدی، ڈپٹی چیئرمین عارف بلوچ کو مقرر کیا گیا ہے جبکہ دیگر اراکین میں منیر احمد بلوچ، رضا رحمن، عرفان سعید، علی رضا لہڑی، خلیل احمد، آصف بلوچ، عبدالنعیم صادق، گل ریاض، نادر حسین زمرد، بلاچ بلوچ اور میر بہرام بلوچ شامل ہیں۔ اس کمیٹی کا مقصد صوبہ بلوچستان میں کام کرنے والے سی پی این ای کے رکن اخبارات و جرائد کے بقیہ نمبر 56 صفحہ 5 پر

مفادات کا تحفظ کرنا، پرنٹ میڈیا کی سرگرمیاں جیسے فنکشنز، ورکشاپس اور سیمینارز وغیرہ کا انعقاد کرنا تاکہ پرنٹ میڈیا کے معیارات کو فروغ حاصل ہو۔ اس کمیٹی کا کام بلوچستان میں سی پی این ای کے اجلاس اور فنکشنز کے انعقاد میں اسٹینڈنگ کمیٹی کی معاونت کرنا، سیکریٹری جنرل / اسٹینڈنگ کمیٹی کی طرف سے تفویض کردہ دیگر امور کی انجام دہی یقینی بنانا، پریس سے متعلق امور پر غور کرنا اور انہیں اسٹینڈنگ کمیٹی کو پیش کرنا، پریس کے کردار اور اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے مختلف پروگراموں کا انعقاد کرنا ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 15 MAY 2025 Page No. 22

# کیچ تاجروں کا آج سے غیر معینہ مدت تک مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان

## شہر میں جرائم پیشہ عناصر کا راج قائم ہے، لیکن پولیس اور انتظامیہ نے عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یکسر نظر انداز کر دیا ہے

## ہم اپنے شہر، اپنے کاروبار اور اپنے لوگوں کو ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے، انجمن تاجران

تربت (نمائندہ انتخاب) انجمن تاجران کیچ نے شہر میں جرائم، چوری، ڈکیتی اور بدامنی کی بڑھتی ہوئی سنگین وارداتوں کے خلاف 15 مئی سے غیر معینہ مدت کے لیے مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں، انجمن تاجران کا کہنا ہے کہ گزشتہ کئی دنوں سے شہر میں جرائم پیشہ عناصر کا راج قائم ہے، لیکن پولیس اور انتظامیہ نے عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یکسر نظر انداز کر دیا ہے۔ جرائم پیشہ گروہوں کو کھلی چھوٹ دے دی گئی ہے، جس کے باعث شہر میں روزانہ دن دیہاڑے ڈکیتیاں معمول بن چکی ہیں، بیان میں کہا گیا ہے کہ ضلعی حکومت اور قانون نافذ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 5 پر

کرنے والے ادارے اپنی ذمہ داریوں سے مجرمانہ غفلت برت رہے ہیں اور امن و امان کی بحالی کے بجائے غیر ضروری معاملات میں الجھے ہوئے ہیں۔ نتیجتاً، نہ صرف شہری بلکہ کاروباری طبقہ بھی شدید عدم تحفظ کا شکار ہے، انجمن تاجران نے واضح الفاظ میں کہا ہے کہ ہم اب مزید خاموش تماشائی نہیں بن سکتے۔ اگر انتظامیہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ نہیں کر سکتی تو اسے اقتدار میں رہنے کا کوئی حق نہیں، یہ شٹر ڈاؤن ہڑتال اس وقت تک جاری رہے گی جب تک شہر میں امن و امان قائم نہیں کیا جاتا اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف فوری، سخت اور نتیجہ خیز کارروائیاں عمل میں نہیں لائی جاتیں، انجمن تاجران نے واضح کیا کہ اس بار کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، کوئی دباؤ قبول نہیں کیا جائے گا، اور کوئی سیاسی یا انتظامی چال کامیاب نہیں ہوگی، ہم اپنے شہر، اپنے کاروبار اور اپنے لوگوں کو ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے، انجمن تاجران تربت نے شہر میں گزشتہ کئی دنوں سے پے در پے چوری ڈکیتی اور بدامنی کی وارداتوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ اور پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں، ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے امن و امان کے بجائے دیگر ایشوز کو اپنی ترجیحات میں شامل کر کے عوام اور دوکانداروں کو ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے، انتظامیہ اور پولیس کو عوام اور تاجر برادری کے مسائل و مشکلات سے کوئی سروکار نہیں۔ شہر کے اندر روزانہ بنیاد پر دن دیہاڑے ڈکیتی کی وارداتوں معمول بن چکی ہیں، ان تشویشناک حالت میں انجمن تاجران مزید خاموش تماشائی کا کردار ادا نہیں کر سکتی۔ اس لئے انجمن تاجران کیچ نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ 15 مئی بروز جمعرات سے غیر معینہ شٹر ڈاؤن ہڑتال کرے گی، یہ شٹر ڈاؤن ہڑتال جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور سخت کاروائی یقینی بنانے تک جاری رہے گی، انجمن تاجران اس سلسلے میں کسی قسم کی مصلحت پسندی کا شکار نہیں ہوگی اور نہ ہی کسی قسم کے دباؤ میں آ کر اپنا فیصلہ واپس لے گی۔ ہم عوام اور کاروباری لوگوں کو چوروں اور ڈاکوؤں کے ہاتھوں یرغمال ہونے نہیں دیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 15 MAY 2025

Page No. 23


## بھاگ: ڈاکوؤں کا بازار پر دھاوا، تمام دکانداروں کو یرغمال بنا کر لوٹ لیا

**شہر میں ناکہ لگا لیا، شدید فائرنگ، لاکھوں روپے لوٹ کر باآسانی فرار ہوگئے، تاجروں میں خوف وہراس**

بھاگ (نامہ نگار) ڈاکوؤں کا دن دہاڑے بھاگ شہر کے بازار میں دھاوا، پورے بھاگ بازار کو یرغمال بنا کر دکانداروں کو گن پوائنٹ پر لوٹ لیے، تفصیلات کے مطابق بھاگ بازار میں مسلح ڈاکوؤں نے دھاوا بول کر پیر صابر شاہ کے قریب بازار میں ڈاکوؤں نے پورے بازار اور دکانداروں کو یرغمال بنا کر مسلح ڈاکوؤں نے شدید فائرنگ کرتے ہوئے ناکہ لگا کر 8 دکانداروں کو گن پوائنٹ پر لاکھوں روپے لوٹ لیے ڈاکوؤں نے ناکہ لگا کر دن دہاڑے بھرے بازار جس میں دکاندار نند لعل، راج کمار ہولپ کمار، انیل کمار، بابو رام، مادھو داس، قادر بخش سمیت مختلف دکانداروں سے لاکھوں روپے لوٹ کر اور شدید فائرنگ کرتے ہوئے باآسانی فرار ہوگئے بھاگ شہر میں اس طرح کے واقع کے بعد تاجر برادری خصوصاً ہندو تاجروں میں شدید خوف وہراس پایا جاتا ہے۔

## لورالائی، ہسپتال سے چوری ہونے والی مشینری برآمد

لورالائی (نامہ نگار) لورالائی پولیس کے پریس ریلیز کے مطابق 31 جنوری کی شب ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کی ٹی بی لیبارٹری سے 3 جین ایکسپرٹ مشین اور مائیکروسکوپ چوری ہوگیا تھا جو برآمد کرلیا گیا ہے بیان ے مطابق واردات میں ٹیچنگ ہسپتال کے کچھ ملازمین بھی مبینہ طور پر ملوث ہوسکتے ہیں جس پر تحقیقات جاری ہے۔

## تربت میں بدامنی برقرار اسلحہ کے زور پر دکاندار کو لوٹ لیا گیا

تربت (نامہ نگار) تربت میں بدامنی کی لہر برقرار ہے گزشتہ روز ڈاکوؤں نے دن دہاڑے عاقب اسلحہ والے کی دکان پر دھاوا بول دیا اور اسلحہ کے زور پر اسلحہ، گولیاں اور نقدی لوٹ کر فرار ہوگئے انجمن تاجران کیچ کے مطابق تربت میں روزانہ دکانوں کو لوٹا جبکہ رات کو دکانوں کے تالے توڑے جارہے ہیں جس سے شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں واقعہ کیخلاف آج تربت میں ہڑتال ہوگی۔

## نوشکی، نامعلوم افراد کار لے اڑے

نوشکی (نامہ نگار) جناح روڈ پر واقع نیشنل بینک کے سامنے جمیل احمد مینگل نے اپنی کار نمبر اے ایل پی 12363 بجے کھڑی کی تھوڑی دیر بعد جب واپس آیا تو نامعلوم افراد گاڑی لے اڑے تھے تین روز قبل بھی کلی صاحبزادہ کے قریب نامعلوم مسلح افراد دو موٹر سائیکلیں چھین کر فرار ہوگئے تھے نوشکی میں چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں سے شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں۔

## ڈیرہ اللہ یار سے مسخ شدہ لاش برآمد

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار قومی شاہراہ مقامی ٹاؤن کے قریب پولیس کو دوران گشت مسخ شدہ لاش ملی ہے جو شناخت کیلئے سول ہسپتال منتقل کردی گئی ہے لاش تین روز پرانی ہے جس پر تشدد کے نشانات بھی موجود ہیں۔

## بھاگ: ڈاکو چھ دکانداروں کو لوٹ کر آسانی کے ساتھ فرار

**واقعہ کیخلاف تاجروں کا دھرنا' ڈاکوؤں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے' مقررین**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) بھاگ شہر میں ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر چھ دکانداروں کو یرغمال بنایا اور لاکھوں روپے' قیمتی موبائل چھین لیے اس دوران مزاحمت پر ہندو تاجر کو زخمی کر کے فائرنگ کرتے ہوئے آسانی کے ساتھ فرار ہوگئے واقعہ کے احتجاج تاجروں نے کاروبار بند کر کے احتجاجی دھرنا دیا مقررین نے الزام عائد کیا کہ بھاگ انتظامیہ نے عوام اور تاجروں کو ڈاکوؤں کے رحم وکرم پر چھوڑ رکھا ہے ڈکیتی کے واقعات روز کا معمول بن چکے ہیں بعد ازاں انتظامیہ کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کر دیا گیا۔


MASHRIQ QUETTA


## منشیات فروشوں کی سہولت کاری، پشین لیویز کے اہلکار معطل

**نائب رسالدار یونس، محرر امیر محمد و کلیم اللہ سپاہی محمد شفیع کیخلاف کارروائی**

کوئٹہ (این این آئی) پشین میں لیویز فورس کے افسر اور اہلکاروں کو منشیات فروشوں اور ان کے سہولت کاروں سے روابط اور بدعنوانی کے الزام میں معطل کر......


بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر


دیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل لیویز فورس بلوچستان نے پشین کے لیویز اہلکاروں کی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو کا نوٹس لیتے ہوئے نائب رسالدار یونس خان، محرر امیر محمد، محرر کلیم اللہ اور سپاہی محمد شفیع کو معطل کر کے ڈائریکٹر آپریشن لیویز فورس بلوچستان شاہ نواز کو تحقیقات کرنے کا حکم دے دیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 15 MAY 2025

Page No. 24


# کوئٹہ: انسداد گداگری سیل طویل عرصے سے غیر فعال، پیشہ ور بھکاریوں کی بھرمار

## مختلف مقامات پر ڈیرے جمالئے، گداگر اس وقت تک پیچھا نہیں چھوڑتے جب تک انہیں پیسے نہ دیئے جائیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں گداگروں کی بھرمار، شہریوں کیلئے دردسر بن گئے، تفصیلات کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں اہم شاہراہوں، تجارتی مراکز، مارکیٹوں اور ہوٹلوں میں پیشہ ور گداگروں نے ڈیرے جمالئے ہیں جو شہریوں اور شاپنگ کیلئے آنے والوں کیلئے دردسر بن گئے ہیں گداگر مارکیٹوں ہوٹلوں میں لوگوں کے پیچھے پڑ جاتے ہیں اور اس وقت تک پیچھا نہیں چھوڑتے جب تک کے انہیں پیسے نہ دیئے جائیں جبکہ اکثر گلی محلوں میں پھرنے والے گداگر عورتیں بچے چوری کی وارداتوں میں بھی ملوث پائے جاتے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ بارہا دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض بھکاری بینا ہوتے ہوئے بھی خود کو نابینا ظاہر کرتے ہیں، معزور نہ ہوتے ہوئے بھی اپنے ہاتھ، بازو یا ٹانگ وغیرہ کو ڈھکتے یا چھپاتے ہیں کہ دیکھنے والے کو معذور دکھائی دیں کچھ لوگ خود پر یوں رعشہ طاری کر لیتے ہیں کہ لوگ ان پر ترس کھا کر ان مالی مدد کریں، کوئی خود کو پردیسی ظاہر کر کے پیسے چوری کا بہانا بنا کر گھر پہنچنے کیلئے کرایہ کے طور پر بھیک مانگتے ہیں، کوئی کسی مسجد یا مدرسہ کی تعمیر میں حصہ ڈالنے کا جھانسہ دیکر مانگتے ہیں، گداگروں میں مختلف عمر کے افراد اور بچوں سمیت عورتیں بھی شامل ہیں جو شیر خوار بچوں کو گود میں اٹھا کر بھیک مانگتی دکھائی دیتی ہیں شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ فی الفور شہر کو گداگروں سے پاک کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔


Century Express Quetta


# ایس بی کے لوا یگری گیٹ متاثرین کی وزیر اعلیٰ سے اپیل

## محکمہ تعلیم کی جانب سے تعیناتی کے آرڈر روکنے سے پسماندگی بڑھے گی

### ہم سرکاری دفاتر کے چکر لگا کر ذہنی مریض بن کر رہ گئے، عصمت اللہ و دیگر

کوئٹہ (پ ر) ایس بی کے لوایگری گیٹ متاثرین عصمت اللہ، محمد ابراہیم، وحید احمد اور فاروق خورشید عالم ودیگر نے مشترکہ بیان میں محکمہ تعلیم کی جانب سے صوبے بھر میں اساتذہ کو تعیناتی کے آرڈر تقسیم کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اساتذہ کی بھرتیوں کے عمل میں لوایگری گیٹ کی سق لگا کر سینکڑوں امیدواروں کے آرڈر روکنے پر افسوس کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان پہلے ہی تعلیمی لحاظ سے پسماندگی کا شکار ہے، ایسے میں محکمہ تعلیم کے حکام کی جانب سے تعیناتیوں کے آرڈر روکنے سے مسائل میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایس بی کے لوایگری گیٹ کے متاثرین کبھی محکمہ تعلیم کے دفتر تو کبھی سیکرٹریٹ کے چکر لگا کر ذہنی مریض بن گئے، کوئی بھی یہ بتانے کو تیار نہیں کہ آخر کس وجہ سے ان کی تعیناتی کے آرڈر روکے گئے ہیں، انہوں نے وزیر اعلیٰ کے تعلیمی وژن کو سراہتے ہوئے ان سے اپیل کی ہے کہ متعلقہ حکام کو لوایگری گیٹ متاثرین کے آرڈر جاری کرنے کے احکامات جاری کریں۔

# گوناگوں مسائل کے باعث بلوچستان میں تعلیمی نظام بری طرح متاثر

## حکومت جدید تعلیم کے حصول کے لیے بہتر حکمت عملی اپنائے، نصاب کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے

نوشکی (رپورٹ: سعید بلوچ) کسی بھی ملک قوم کی ترقی اور خوشحالی کا انحصار تعلیم پر ہوتا ہے پاکستان اور بالخصوص بلوچستان میں تعلیم کی شرح انتہائی کم ہے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی کمی بنیادی سہولیات کا فقدان اساتذہ کی تقرریوں میں میرٹ کی پامالی فرسودہ نظام تعلیم امتحانات کا ناقص طریقہ کار تعلیمی بجٹ میں کمی صوبائی عوامی نمائندوں کی عدم توجہی اور دیگر وجوہات کی بنا پر تعلیم کے نظام پر منفی اثرات کی وجہ سے بلوچستان میں تعلیمی نظام بری طرح متاثر ہو گیا ہے دوسری جانب پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے بڑھتے ہوئے رجحان نے تعلیم کو کاروبار کی شکل دی ہے سرکاری تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی غیر حاضریاں بھی تعلیمی انحاط کے زمرے میں آتی ہیں صوبائی حکومت بلوچستان میں تعلیم کے فروغ کے لیے بلند بانگ دعوے کرتے ہوئے نہیں تھکتی لیکن دوسری جانب 12 نومبر 2024 کو طلباء کے دو گروہوں میں معمولی جھگڑے کو دو برادر اقوام بلوچ پشتون کا رنگ دے کر مسئلہ حل کرانے کی بجائے ہوسٹلوں کو زبردستی خالی کروا کر طلباء اور بالخصوص اندرون بلوچستان سے تعلق رکھنے والے طالبات کو مشکلات اور پریشانیوں سے دوچار کر دیا گیا حکومت کی عدم توجہی کا اس سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے 6 ماہ کا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود بھی ایک معمولی مسئلہ حل نہیں کر سکی جس سے بلوچستان کے 2000 سے زائد طلباء اور طالبات کے وقت کے ضیاع سے انکا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے غریب طلباء اور طالبات کو وقت کے ضیاع کے ساتھ مالی مصائب اور دیگر مشکلات کا بھی سامنا کرنا پڑ رہا ہے بلوچستان کا سب سے بڑا تعلیمی ادارہ بلوچستان یونیورسٹی بھی کئی ماہ سے بند ہے جس سے پورے بلوچستان کے ہزاروں طلباء اور طالبات کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے حکومت جدید تعلیم کے حصول کے لیے بہتر حکمت عملی اپنائے تعلیمی اداروں میں جدید سہولیات کی فراہمی، تعلیمی نصاب کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، اساتذہ کی تقرریوں میں میرٹ کی پابندی، اساتذہ اکرام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور دیگر اصلاحات عمل میں لائے۔

# کوئٹہ میں طویل لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی متاثر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں طویل لوڈشیڈنگ کے باعث معمولات زندگی متاثر ہو رہے ہیں، مختلف علاقوں میں یومیہ 8 سے 12 گھنٹے بجلی بندکی جارہی ہے تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے وسطی و نواحی علاقوں میں شدید گرمی میں طویل لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے محمد اسد عبدالرفیق اور احسان علی نے بتایا کہ اعلانیہ کیساتھ ساتھ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے جس سے پانی کی فراہمی کا شیڈول بھی متاثر ہوا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ ہم باقاعدگی سے بل ادا کرتے کے باوجود بجلی سے محروم ہیں رات کو بجلی نہ ہونے کے باعث نیند میں خلل پڑتا ہے انہوں نے کیسکو چیف سے اپیل کی کہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے ورنہ صارفین شدید احتجاج پر مجبور ہونگے جس کی ذمہ داری کیسکو حکام پر عائد ہوگی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

MEEZAN QUETTA 15 MAY 2025

Daily:

Bullet No. 6 ... e No. 08

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا بعض محکموں کے منصوبوں میں غیرضروری تاخیر پر اظہار برہمی!

بدقسمتی سے ہمارے ہاں یہ روایت رہی ہے کہ یہاں جو بھی منصوبے خصوصاً حکومت کے منصوبوں کی تکمیل میں تاخیر ہوتی رہی ہے ایسے بہت ہی کم منصوبے ہوں گے جو بروقت مکمل ہوئے ہوں۔ اس کی سب سے بڑی وجہ چیک اینڈ بیلنس کے نظام کا فقدان ہے۔ ایسے منصوبے جب شروع کئے جاتے ہیں اس کے بعد ان کو کوئی دیکھتا نہیں ہے کہ ان کی پوزیشن کیا ہے اسی وجہ سے ان میں سے اکثر منصوبے نہ صرف التواء کا شکار ہوتے ہیں بلکہ بعض کی لاگت بھی بڑھتی جاتی ہے جو کہ بلاشبہ ایک لمحہ فکریہ ہے۔

گذشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عمل درآمد سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف محکموں کے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ان کی بروقت تکمیل کے لیے اقدامات کرنے پر زور دیا گیا۔ وزیراعلیٰ کو ترقیاتی منصوبوں اور ان کی پیش رفت پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے بعض محکموں کے منصوبوں میں غیرضروری تاخیر پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایک سال گزر جانے کے باوجود صرف 21 بسیں نہ خریدی جاسکیں۔ یہ صورتحال بالکل ناقابل قبول ہے۔ جون سے قبل یہ بسیں سڑکوں پر ہونی چاہئیں۔ تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولت فراہم کی جاسکے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ منصوبے کی تکمیل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ عوامی خدمات میں مزید تاخیر نہ ہو۔ تمام محکمے جون تک جاری منصوبوں کو مکمل کریں بصورت دیگر ان کی فنڈنگ روک دی جائے گی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا اجلاس سے مذکورہ خطاب اور اس سلسلے میں محکموں کو ہدایات دینا اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وہ عوامی منصوبوں کی فوری تکمیل کے خواہاں ہیں کیونکہ وہ صحیح معنوں میں ایک عوامی رہنما ہیں جو عوام کے مسائل کا حل چاہتے ہیں اس سلسلے میں انہوں نے اپنے مذکورہ بیان میں متعلقہ اداروں کو واضح ہدایات دے دی ہیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کرنے کے لیے احسن اقدامات کیے جائیں۔ اس طرح 21 بسوں کو جلد ہی سڑکوں پر چلایا جائے کیونکہ یہ بہت ہی ناگزیر ہے اس سے عوام کو سستا اور معیاری سفر میسر ہوگا۔ اب صوبائی دارالحکومت میں جو 8 گرین بسیں چل رہی ہیں۔ یہ بڑی کامیاب منصوبہ ہے اس سے عوام پرسکون ماحول میں سفر کررہے ہیں۔ اس لیے مزید بسوں کو بھی جلد سڑکوں پر چلانے کے لیے اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام اس سے مستفید ہوسکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 7

Dated: 15 MAY 2025 Page No. 26

# Unending cycle of lawlessness

The news emanating from Balochistan has, for far too long, painted a grim and disheartening picture. Each report seems to carry a fresh wave of tragedy, further solidifying the perception of a province grappling with a deeply entrenched and deteriorating law and order situation. The recent discovery of the bullet-riddled bodies of four abducted truck drivers from Punjab in the Galangoor area of Nushki district serves as yet another stark and brutal reminder of this agonizing reality. This sadistic act, the culmination of a brazen abduction on a major highway, underscores the pervasive insecurity that continues to plague the region and raises serious questions about the efficacy of governance and security measures. The ease with which the assailants immobilized the trucks, abducted the helpless individuals at gunpoint, and vanished before the arrival of security forces speaks volumes about the audacity of these elements and the apparent vulnerabilities in our security apparatus. The Balochistan government spokesperson's condemnation and assurances of bringing the perpetrators to justice, while expected, ring hollow against the backdrop of repeated incidents of similar nature. For too long, such pronouncements have failed to translate into tangible improvements on the ground. The brutal killing of these innocent drivers is not merely a barbaric and cruel act; it is a damning indictment of the state's failure to ensure the safety and security of its citizens, particularly those traversing the highways of Balochistan. These arteries, meant to facilitate trade and connectivity, have tragically transformed into perilous routes where armed militants operate with alarming impunity, seizing vehicles and targeting individuals with shocking regularity. The fundamental responsibility of any government lies in safeguarding the lives and property of its people. The persistent lawlessness in Balochistan, exemplified by this latest horrific incident, raises serious concerns about the government's commitment and capacity to fulfill this crucial obligation. While acknowledging the complex security challenges inherent in the region, the recurring nature of such incidents demands a more robust, proactive, and effective strategy. The highways of Balochistan cannot remain corridors of fear and violence. The blood of innocent victims cries out for justice, and the people of Balochistan, along with the rest of the nation, deserve an environment where safety and security are not a distant dream but a tangible reality. It is imperative that the government moves beyond mere condemnation and demonstrates a concrete commitment to restoring law and order, ensuring the safety of all citizens, and bringing an end to this unending cycle of bloodshed.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 15 MAY 2025

Page No. 27


# پاک بھارت جنگ 2025

سورج سات مئی کی صبح افق پر طلوع ہوا تو شاید کسی کو اندازہ نہیں تھا کہ یہ دن برصغیر کی تاریخ میں ایک نئے اور خونی باب کا آغاز کرنے جا رہا

تحریر: لاریب انعم کوئٹہ بلوچستان

ہے۔ وقت کی دھڑکنیں تیز ہو چکی تھیں اور فضا میں ایک گھٹن سی چھا گئی تھی۔ پہلگام میں ہونے والے دہشت گرد حملے کو بنیاد بنا کر بھارت نے اپنی پرانی روش پر چلتے ہوئے ایک بار پھر پاکستان کی خودمختاری پر وار کیا۔ ان کے حملوں کا آغاز میزائل فائرنگ سے ہوا، جسے وہ بڑے فخر سے ایک آپریشن کا نام دے رہے تھے۔ مگر یہ میزائل نہ صرف زمین پر گرے بلکہ انسانوں کے سینوں پر بھی، ان کے گھروں پر، ان کے خوابوں پر، ان کے جذبوں پر۔ بھارت نے دعویٰ کیا کہ وہ صرف دہشت گردوں کو نشانہ بنا رہا ہے، لیکن ان کے میزائل شہری علاقوں، مساجد، بازاروں اور نہتے انسانوں پر برسائے گئے

یہ کس کا لہو ہے، کون مرا
ہر سمت ہے اک ہجوم چرا

پاکستانی عوام جو ہمیشہ امن کے خواہاں رہے، اس ظلم پر خاموش نہ رہ سکے۔ شہر شہر غم و غصے کی لہر دوڑ گئی۔ ہر چہرے پر ایک ہی سوال نمایاں تھا کہ اب کب جواب دیا جائے گا۔ مگر پاکستان نے جوش سے نہیں، ہوش اور حکمت سے فیصلہ کیا۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس ہوئے، عسکری قیادت متحرک ہوئی، اور جوابی کارروائی کے لیے مکمل تیاری کی گئی۔ پھر وہ لمحہ بھی آ پہنچا جب دشمن کو اس کے غرور کا مزہ چکھانا ناگزیر ہو گیا

دس مئی کی صبح، جو بظاہر عام دن کی مانند تھی، تاریخ کے اوراق میں ایک عظیم لمحہ بن کر ابھری۔ اسی دن آپریشن بنیان مرصوص کا آغاز کیا گیا۔ یہ نام قرآن کریم کی سورۃ الصف سے ماخوذ تھا، جو سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند صف باندھ کر لڑنے والوں کی تعریف کرتی ہے۔ فجر کے وقت نعرہ تکبیر کی گونج بلند ہوئی، اور پاکستانی افواج نے پہلا میزائل داغا جو صرف ایک ہتھیار نہیں بلکہ ایک پیغام تھا، نہ صرف بھارت کے لیے بلکہ پوری دنیا کے لیے

چمک اٹھا ہے سارا جہاں، پاکستان کا نعرہ لگا
ہوا جو سجدے میں سر، تو دشمن کا غرور جھکا

فتح ون میزائل، جس میں جدید نیویگیشن سسٹم نصب تھا، بھارتی فوجی تنصیبات کی جانب روانہ ہوا۔ اس کی گونج سرحد کے دونوں طرف محسوس کی گئی۔ جے ایف 17 تھنڈر طیارے فضا میں بلند ہوئے اور آدم پور، پٹھانکوٹ، اودھم پور جیسے اہم بھارتی ایئر بیسز کو نشانہ بنایا۔ ایک کے بعد ایک حملے نے دشمن کے اعتماد کو زمیں بوس کر دیا۔ ایس 400 جیسے جدید دفاعی نظام کو تباہ کر دیا گیا۔ دشمن کی طاقت کا غرور مٹی میں مل گیا

ساتھ ہی ساتھ ایک اور محاذ بھی کھل چکا تھا۔ پاکستانی ہیکرز نے آپریشن سالار کے نام سے سائبر میدان میں قدم رکھا۔ بھارت کی اہم ویب سائٹس کو ہیک کیا گیا، ڈیٹا حاصل کیا گیا اور ان پر سبز ہلالی پرچم لہرایا گیا۔ ان حملوں نے صرف اشارہ دیا کہ اگر پاکستان چاہے تو دشمن کی مواصلاتی شہ رگ بھی کاٹ سکتا ہے۔ بھارت کے پاور گرڈ کا بڑا حصہ ناکارہ ہو گیا، ایئر ٹریفک کنٹرول سسٹم مفلوج ہو گئے اور ہر طرف افراتفری پھیل گئی

بجلی بن کے کوندے ہم، دشمن پہ چھا گئے
خامشی میں چھپی تھی جو ضرب، جھنکار بن گئی

بھارتی حملوں کا جواب صرف میدان جنگ میں نہیں دیا گیا بلکہ ہر سطح پر بھرپور ردعمل سامنے آیا۔ جب بھارت نے اسرائیلی ساختہ ڈرونز کے ذریعے لاہور، کراچی، راولپنڈی اور دیگر شہروں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی تو پاکستانی دفاعی نظام نے سب ڈرونز تباہ کر دیے۔ اگرچہ چند مقامات پر نقصان ہوا، مگر مجموعی طور پر دفاع کامیاب رہا اور دشمن کی چال ناکام ہو گئی۔ لاہور کینٹ میں چار فوجی زخمی ہوئے اور میانوالی میں ایک شہری نے جام شہادت نوش کیا، لیکن قوم کا حوصلہ کم نہ ہوا

دشمن کی بوکھلاہٹ عیاں ہو چکی تھی۔ اس نے مزید حملے کیے لیکن پاک فضائیہ اور آرٹلری کی مہارت کے سامنے سب کچھ ناکام ہو گیا۔ نوشہرہ اور راجوڑی کے انٹیلیجنس مراکز مکمل طور پر تباہ کر دیے گئے جہاں پاکستان کے خلاف سازشیں رچی جا رہی تھیں۔ دشمن کے فوجی کیمپ افراتفری کا شکار ہو گئے اور وہ پیچھے ہٹنے پر مجبور ہو گئے۔ بھارت کی یہ پسپائی محض عسکری شکست نہیں تھی بلکہ اس کے سفارتی اور نظریاتی غرور کی بھی شکست تھی

چمکتے چہروں پر وہ گرد دکھا دی
جو تکبر میں چھپی، وہ حد دکھا دی

جب دشمن کو عسکری محاذ پر شکست ہوئی تو وہ سفارتی میدان میں نرم لہجہ اختیار کرنے پر مجبور ہو گیا۔ امریکہ، سعودی عرب، ترکی اور چین نے فوری مداخلت کی۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے دونوں ممالک سے رابطہ کیا، اور بالآخر بھارت بات چیت پر آمادہ ہوا۔ دس مئی کی شام دونوں جانب سے جنگ بندی پر اتفاق کیا گیا، لیکن اس سے پہلے پاکستان نے دشمن کے تین ایئر بیسز کو نشانہ بنا کر دنیا کو اپنی طاقت کا مظاہرہ دکھا دیا

وزیراعظم شہباز شریف نے قومی اسمبلی میں فتح کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے عزت و وقار سے جنگ لڑی اور سربلند ہو کر نکلے۔ جنرل عاصم منیر نے قوم کو یقین دلایا کہ ہماری افواج ہر لمحہ تیار ہیں اور دشمن کو منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ پاکستان نے دنیا کو باور کروا دیا کہ ہم امن چاہتے ہیں، لیکن امن کی خواہش کو کبھی کمزوری نہ سمجھا جائے

وہ جو دن دشمن پہ بھاری تھا، وہ ہم نے دکھا دیا
جو تماشہ بنانا چاہا تھا، ہم نے آئینہ بنا دیا

عوام نے افواج پاکستان کے ساتھ یکجہتی کا مظاہرہ کیا۔ شہروں میں ریلیاں نکالی گئیں، سوشل میڈیا پر آپریشن بنیان مرصوص اور آپریشن سالار ٹرینڈ کرنے لگے۔ سیاسی قیادت یک زبان ہو گئی۔ مریم نواز، بلاول بھٹو، علی امین گنڈاپور، مولانا فضل الرحمان، سراج الحق، سب نے مشترکہ بیانات دے کر قوم کے اتحاد کا مظاہرہ کیا۔ شہداء کے اہل خانہ کو پوری قوم نے خراج تحسین پیش کیا۔ یہ صرف ایک جنگ نہ تھی، یہ ایک پیغام تھا

عالمی سطح پر بھی اس جنگ کے اثرات نمایاں ہوئے۔ فرانس نے رافیل طیاروں کی کارکردگی پر تشویش ظاہر کی اور اس کے شیئرز میں کمی آ گئی۔ اقوام متحدہ، امریکہ، روس، چین، جرمنی، ترکی اور برطانیہ نے بھارت کی جارحیت کی مذمت کی۔ دنیا نے دیکھا کہ پاکستان محض جغرافیہ نہیں بلکہ نظریہ، غیرت، قربانی اور ایمان کا نام ہے

یہ ارض پاک ہے میری، میں اس کا رکھوالا ہوں
اگر کوئی میلی آنکھ اٹھے، تو میں سیسہ بن کے ڈھال ہوں

یہ جنگ ختم ہوئی، لیکن ایک باب رقم کر گئی۔ دشمن کو واضح پیغام مل گیا کہ پاکستان ایک زندہ قوم ہے، جو نہ جھکتی ہے، نہ بکتی ہے، اور نہ کسی دباؤ کو قبول کرتی ہے۔ ہم نے دنیا کو دکھا دیا کہ ہمارا دفاع صرف ہتھیار نہیں، ہمارا ایمان، ہمارا اتحاد اور ہماری قربانی ہے۔ دشمن نے جنگ کا آغاز کیا، لیکن انجام پاکستان نے لکھا، اپنے ہاتھ سے، اپنے خون سے، اپنے جذبے سے

جو ہمیں للکارتا ہے، تاریخ گواہ ہے
ہم نے اُس کے غرور کو خاک میں ملا دیا

اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہمیشہ سلامت رکھے اور ہماری افواج کو سر بلند رکھے۔ آمین